بیاد حضرت میراں حسین زنجانی رحمۃ اللہ علیہ پیر بھائی حضرت داتا گنج بخش علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ لاہور

بانی ادارہ منجم اعظم الحاج السید ناظر حسین شاہ زنجانی قدس سرہ العزیز

جانشین خاندان زنجانیہ عالیہ
شہزادہ سیّد مصوّر علی شاہ زنجانی
شہزادہ سیّد محمد علی شاہ زنجانی
شہزادہ سیّد محسن علی شاہ زنجانی

بیرون ممالک سالانہ چندہ
مڈل ایسٹ 12000 روپے
انڈیا، ایران، سری لنکا 12000 روپے
یورپ، فار ایسٹ 14000 روپے
امریکہ، کینیڈا، آسٹریلیا 15000 روپے

قیمت 90 روپے
سالانہ چندہ 1000 روپے
لائف ممبر شپ 15000 روپے For 12 Years
لائف ممبر شپ 1000 ڈالر For 12 Years

حمد و نعت منقبت	3
اداریہ اپریل 2019ء	4
عالمی پیشگوئیاں اپریل 2019ء	5
بھارت میں جنگی جنون	6
ولادت امام حسینؑ	9
ولادت امام جعفرؑ	12
عریضہ یا صاحب الزمان	14
دربار مصطفائی کا فیض	15
اعمال شرف شمس و زہرہ	17
رحمکاریہ جفر (شرف شمس و زہرہ)	25
مجربات دامانیہ (شرف شمس)	27
لوح زہرہ + نصرت فتح و جمعیت	29
میاں بیوی کیلئے مجرب عمل + گمشدہ	30
کرشمات بخاری (مجربات خاص)	31
پرائز بانڈ کے متوالوں کیلئے تحفہ	35
اعجاز الجفر (نقش مخمس برائے محبت)	39
نقش پنجتن پاک	40
تعویزات برائے محبت	41
تکمیل حاجات	42
لکی نمبرز ماہ اپریل 2019ء	44
آپکا ماہ اپریل 2019ء کیسا رہیگا؟	46
سوال و جواب	53
لوح مصطفائی	54
توشہ اصحاب کہف	55
کاروان زنجانی	56
فہرست ادارہ کتب	57

“Hussain is from me and I am from Hussain.”
-Prophet Muhammad (PBUH)

کاشانہ زنجانی 125۔ڈی، گلبرگ 2
54660 بالمقابل یونین کونسل حضرت میراں حسین زنجانی روڈ، نزد دین مارکیٹ لاہور
Ph: 042-35752277 - 35872277
Mobile: 0300-9483758

کاشانہ زنجانی
نزد انصار برنی ٹرسٹ و ہمدرد دواخانہ
آرام باغ روڈ، کراچی۔74200
Ph: 021-32217544

کاشانہ زنجانی راولپنڈی
A-19 جی ٹی روڈ (جہلم روڈ)، بالمقابل گالف کلب / آرمی ہاؤس، عقب پی ایس او پٹرول پمپ
PH: 051-8732742
051-8732764

سید انتظار حسین زنجانی ایڈیٹر / پبلشر نے حیدری پریس ریلوے روڈ لاہور سے چھپوا کر کاشانہ زنجانی D-125 گلبرگ 2 لاہور سے شائع کیا

websites:www.aienaeqismat.com.pk
Email:aienaeqismat@gmail.com

حمد

ہر طرف کائنات میں تم ہو
صرف بزمِ حیات میں تم ہو

کچھ نہ تھا کائنات میں تم تھے
کچھ نہیں کائنات میں تم ہو

ہر عدم ہر وجود تم سے ہے
یعنی ہر نفی ہر ثبات میں تم ہو

اور کچھ بھی نظر نہیں آتا
میں ہوں یا کائنات میں تم ہو

حق و باطل نہیں ہیں ایک مگر
کعبہ و سومنات میں تم ہو

عکس ہیں حسنِ ذات کے ہی صبؔا
گم جہانِ صفات میں تم ہو

نعت

صبا اکبرآبادی

میرے لب پر حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی باتیں
تیرگی میں ہیں نور کی باتیں

سب سے اچھا ہے بس حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا نام
سب سے اچھی حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی باتیں

کر مدینے کی بات اے واعظ
چھوڑ حور و قصور کی باتیں

ذکرِ احمدؐ سے ہے بیاں روشن
نور کے لفظ نور کی باتیں

لبِ آدم سے تا مسیح رہیں
آپ ہی کے ظہور کی باتیں

بے کہے سب وہ جانتے ہیں صبؔا
اس دلِ ناصبور کی باتیں

منقبت

مظہر آصف تاباں

چمن میں پھول بنتا ہے کلی کا
جو ہے فرزند زہراؑ و علیؑ کا

سلیقہ سیکھ لو گر بندگی کا
سکوں مل جائے تم کو زندگی کا

جو ظلم و جور سے روکے کسی کو
یہی تو کام ہے رب کے ولی کا

حکومت جس نے ٹھوکر میں لٹائی
یہ خاصہ ہے سخی ابن سخی کا

ہر ایک مشکل میری آساں ہوئی ہے
لیا ہے نام جب ابن علیؑ کا

تکلّم سیکھ لو اُن سے ہی مظہرؔ
حسن ہیں آئینہ خلق نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا

TOGETHER, IN DEFENCE OF THE MOTHERLAND

دفاع پاکستان کیلئے

ہم سب ایک ہیں

حقائق کچھ یوں ہیں کہ 1947ء قیام پاکستان (کشمیر) بھارت کے مابین تنازعہ مسئلہ کشمیر ہونے سے پاک بھارت میں تب سے ابتک غیر اعلانیہ جنگ جاری ہے کبھی یہ جنگ محاذ پر کبھی ثقافت وتجارت پر اور کبھی یہ جنگ خارجہ محاذ پر جاری رہتی ہے۔ 1948-1965-1971ء اور آج 2019ء میں اس جنگ کا رُخ بھارت سرکار کے الیکشن سٹنٹ کا نمونہ ہے۔ پاکستانی فضاؤں میں انڈیا لڑاکا طیاروں کے مار گرائے جانے کے بعد بھارت زخمی لومڑی کی طرح اپنے زخم چاٹ کر کسی نئی چال چلنے کی سازش کر رہا ہے۔ سرحدوں پر 7/6 لاکھ فوج بیٹھا رکھی ہے جبکہ پاکستان کے سبھی اہم شہروں کو بھارتی میزائلوں نے نشانہ پر لے رکھا ہے۔ جواباً ہماری نڈر بہادر پاک فوج بھی ہر دم چوکس ہے۔ یوں تو بظاہر فی الحال امن قائم ہو چکا ہے۔ مگر آسمانی کونسل پرستاروں کی پوزیشن مارچ، اپریل، مئی، جون، جولائی اور ستمبر 2019ء تک مخدوش دکھائی دیتی ہے۔ یہ امر خوش آئند ہے کہ عالمی سطح پر پاکستان کو خارجہ اخلاقی برتری حاصل ہے تبھی امریکہ، چین کے علاوہ 40 یورپی پارلیمنٹ کے اراکین نے خطہ میں پاک بھارت کشیدگی ختم کرنے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے دونوں ملکوں کو مذاکرات کی میز پر آنے کا مشورہ دیا ہے۔

وزیر اعظم عمران خان کی حکومت تو ابتک کئی مرتبہ یہ پیشکش کر چکی ہے۔ مگر مودی سرکار اپنے الیکشن جیتنے کے لئے جنگی ماحول کو ڈھال بنائے ہوئے ہے۔ جبکہ نوشتہ دیوار ہے کہ BJP الیکشن میں ناکام ہو اور مودی حکومت کا خاتمہ ہو، نئی آنے والی سیاسی حکومت سے توقع کی جاسکتی ہے کہ وہ زمینی سیاسی عالمی خارجہ حقائق کو سامنے رکھتے ہوئے ہوش کے ناخن لے اور دنوں ملکوں کے عوام کے مسائل غربت، بھوک، افلاس، جہالت کے خلاف جنگ کرے۔ U.N.O کو بھی 1948ء کے بعد اب 2019ء میں کشمیر میں بڑھتی ہوئی جنگِ آزادی کو دیکھتے ہوئے جاگ جانا چاہئے گزشتہ صدی میں دُنیا کے مختلف خطوں میں پچھلی جنگوں کے نتائج نے کسی کو کچھ نہیں دیا۔ امریکہ بہادر بھی 17 سال بعد اپنی اخلاقی شکست کے بعد افغانستان سے جانے کی تیاری کر رہا ہے۔ امریکہ جان چکا ہے کہ جنگ کی تباہ کاریوں سے اس کی ساکھ عالمی سطح پر خراب ہوئی۔ افغانستان افغانیوں کا ہے۔ یوں کشمیر بھی کشمیریوں کا ہے امریکہ کے بعد U.N. O کو بھی اب جاگ جانا چاہئے U.N.O اپنی ہی قراردادوں کے مطابق مسئلہ کشمیر حل کروادے تو خطہ میں امن قائم ہوسکتا ہے۔ ورنہ حسینؑ کے ماننے والے جانتے ہیں کہ۔

اسلام زندہ ہوتا ہے ہر کربلا کے بعد

عالمی وسیاسی پیشگوئیاں

اپریل 2019ء

زائچہ نیو مون — بحساب ویدک — 13 سرطان 23

بتاریخ 05 اپریل 2019ء اسلام آباد بوقت 13 بجکر 50 منٹ

زائچہ فل مون — بحساب ویدک — 33 سنبلہ 04

بتاریخ 19 اپریل 2019ء اسلام آباد بوقت 16 بجکر 12 منٹ

زنجانی جنتری 2019ء صفحہ نمبر 46 پر شائع شدہ درست پیش گوئی (منجم شاہ زنجانی)

بھارت:۔ زائچہ بہادر شاہ قمر میں 11 اگست 2018ء تا 11 دسمبر 2019ء انتر دشا مشتری کی اس زائچہ میں مشتری فعلی منحوس ستارہ ہوکر یکم جنوری تا 29 مارچ اور 24 اپریل تا 4 نومبر طالع کے مقابل ساتویں رہنے سے سپر پاور اور پڑوسی ممالک (پاکستان) سے خارجہ تعلقات میں تناؤ، اختلافات اور تنازعے (کشمیر) پیدا ہوتے رہیں گے۔ اندرونِ ملک بعض عناصر مذہبی منافرت (ہندو مسلم، ہندو سکھ، ہندو عیسائی) پھیلانے میں سرگرداں رہے۔

زائچہ نیو مون:۔ منقلب برج سرطان تیزی سے بدلتے ہوئے حالات کا یہ زائچہ جس میں چھ کواکب مشتری، زحل، راہو، کیتو، زہرہ، عطارد نحس گھروں 6-8-12 میں مقیم ہونے سے یہ کوئی اتنا اچھا زائچہ نہیں حکومت سرکاری اداروں اسٹیبلشمنٹ عسکری اداروں کی ذمہ داریوں میں اضافہ ہو۔ تاہم عدلیہ کی کارکردگی نے چیف جسٹس کی دلچسپی سے فعال ہو۔ خالی آسامیاں جلد پُر ہونے کے ساتھ مقدمات جلد نمٹانے کے لئے مشاورت اقدامات کئے جائیں۔ سیاسی نجوم میں نواں گھر عدلیہ مذہب کے ساتھ ساتھ ملک یا قوم کے نصیب یا بھاگیہ کا گھر شمار ہونے کے سبب زائچہ کے بارہ منقطۃ البروج میں اہمیت کا حامل قسمت اچھی ہوتی سب کاموں میں کشادہ اور برکت نمایاں رہتی ہے۔ بشرط مشتری چھٹے نحس گھر میں نہ ہوتا مشتری کی نشست کے سبب سعادت کی بجائے ذمہ داریوں میں اضافہ ہو طالع کا حاکم قمر دوسرے کا حاکم شمس نویں ہونے سے حکومتی خزانہ کی آمدن میں اضافہ ریونیو بڑھے دوست ممالک سے مزید امدادی پیکیج ملیں تاہم غریب عوام پر مہنگائی کا بوجھ بھی بڑھے چھٹے مشتری زحل کیتو کی موجودگی جبکہ مشتری کا یہاں اپنے گھر میں ہونا ملکی حالیہ پاک بھارت کشیدگی کے سبب تمام ملکی سروسز کے ادارے ہائی الرٹ رہیں ملکی دفاع کو مضبوط بنانے کیلئے وقتاً فوقتاً عوام حکمران ملک کے دفاع کے لئے ہر قربانی کے لئے تیار رہیں۔ تیسرے چوتھے کے فعلی سیارگان عطارد زہرہ کا آٹھویں قیام ذرائع ابلاغ میڈیا کے نظام میں مثبت تبدیلیاں ورکرز کے تحفظ مالکان پر حکومتی دباؤ بینکوں اور مالیاتی اداروں میں فراڈ تحقیق اور اس قسم کے کئی اسکینڈل سامنے آئیں۔ حکومت ملکی معاشیات کو زیر بحث لائے جس سے عوام کی بے چینی بے اطمینانی اور مسائل میں اضافہ ہو۔ غیر اخلاقی حرکات چوری چکاری کے واقعات میں اضافہ ہو ملکی سرحدوں خصوصاً کشمیر بارڈرز پر کشیدگی میں بدستور اضافہ جانی مالی نقصانات کا سلسلہ جاری رہے۔ حالیہ پاک بھارت سیاسی عسکری تنازعے کے لئے دوست ممالک کی کوئی خاطر خواہ کوششیں نمایاں نہ ہوں۔

زائچہ فُل مون:۔ طالع برج سنبلہ ستارہ عطارد وبال یافتہ شرف یافتہ زہرہ کے ہمراہ ہونے سے خارجہ تعلقات میں بہت تیزی نمایاں رہے دوست ممالک کے سربراہان اور نمائندہ کا اعلیٰ سطح پر ملکی حکام سے روابط رہیں دوست ممالک سے تجارتی شراکتی معاہدے کئے جاسکیں طالع کے مالک عطارد کی کمزوری کے سبب ہمسایہ ممالک کے ساتھ خارجہ تعلقات میں اختلاف رائے اور تحفظات کا دفاع کیا جائے گا۔ زحل اور کیتو کا قران زائچہ فل مون کے چوتھے عوام اور اپوزیشن سیاسی پارٹیوں میں زبردست سیاسی بے چینی پائی جائے اپوزیشن پارٹیاں اتحاد کر کے حکومت کو اسمبلی کے اندر اور باہر ٹف ٹائم دینے اور حکومت کو گرانے کے منصوبے بنائیں۔ مشتری زحل کیتو کا چوتھے قیام اور شمس کا آٹھویں شرف یافتہ ہونا ارضیاتی تبدیلی زلزلوں سے جانی مالی نقصانات کے خدشات رہیں۔ نیشنل ڈیزاسٹر کے ادارے کو متحرک اور فعال بنانے کی حکومتی کوشش کی جانی چاہئے۔ کسی اہم سیاسی شخصیت کی ناگہانی بیماری یا موت سے قوم کو صدمہ دیکھنا پڑسکتا ہے۔ اندرون ملک تیل، گیس اور دیگر معدنیاتی نئے ذخائر دریافت ہونگے۔

قمر در عقرب

اس نحس وقت کی ابتداء 19 اپریل 17 بجکر 40 منٹ، خاتمہ 21 اپریل 20 بجکر 59 منٹ تک رہے گی۔
اس دوران آئمہ معصومینؑ کے نزدیک کوئی بھی نیا کام شادی بیاہ نئے کام کا آغاز کرنا بے برکتی کا باعث بنتا ہے۔

از تحریر: سیّد انور فراز، کراچی

آسمانی کونسل پر جنگ کے خطرات کب تک رہیں گے؟

دونوں ملکوں میں باقاعدہ جنگ کا امکان؟ دونوں ملکوں کے زائچوں پر ایک فلکیاتی نظر

آج کل پاکستانی آسٹرولرجرز سے سب سے زیادہ پوچھے جانے والا سوال (سیّد مصوّر علی زنجانی)

بوقت 20 دسمبر 1971ء، بوقت 14 بجکر 58 منٹ 20 سیکنڈ، بمقام اسلام آباد

15 اگست 1947ء - دھلی - بوقت صفر بج کر ایک منٹ

پاکستان اور بھارت اپنے قیام کے وقت سے ایک دوسرے کے حریف ہیں جس کی وجہ مسئلہ کشمیر ہے، دونوں ملکوں کے درمیان دو بار باضابطہ طور پر جنگ ہو چکی ہے اور بے ضابطہ طور پر بھی سرحدوں پر محاذ آرائی جاری رہتی ہے، گزشتہ دنوں پلوامہ کے واقعے کے بعد حسب معمول بھارت نے پاکستان پر الزام تراشی کا سلسلہ شروع کیا اور بھارتی میڈیا نے پاکستان کے خلاف خاصا زہر اگلا، دوسرے معنوں میں پاکستان پر حملہ کرنے کی باتیں سامنے آنے لگیں، عام افراد کے لیے یہ خاصی تشویش ناک صورت حال رہی اور تا حال ہے، اکثر لوگ ہم سے بھی اس حوالے سے استفسار کرتے رہے کہ آیا پاکستان اور بھارت کے درمیان جنگ کے امکانات کس حد تک ہیں؟

جہاں تک پاکستان کا تعلق ہے تو بے شک پاکستان ایک ایسے دور سے گزر رہا ہے جو حالت جنگ کی نشان دہی کرتا ہے، اس دور کا خاتمہ 17 جون 2019ء کو ہوگا، اسی طرح سیاروی گردش بھی فی الحال بہت سے مسائل کی نشان دہی کر رہی ہے لیکن ایسی کوئی مہم جوئی پاکستان کی طرف سے ہوتی نظر نہیں آتی، پاکستان اپنے اندرونی حالات ہی سے نبرد آزما ہے، وہ جنگ چھیڑنے کے بارے میں سوچ بھی نہیں سکتا۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ پاکستان اور بھارت دونوں ملکوں کا پیدائشی برج ایک ہی ہے اور عموماً سیاروی گردش بھی تھوڑے سے فرق کے ساتھ دونوں کے لیے سعادت یا نحوست کا اثر ظاہر کرتی ہے، البتہ دونوں کے زائچوں میں جاری

ادوار (Periods) کی کیفیت مختلف ہوتی ہے، اس اعتبار سے بھارت کے زائچے میں سیارہ قمر کا دور اکبر جاری ہے جو مذہبی جذباتی جوش و خروش اور اشتعال کا باعث ہے، اس کے ساتھ ہی گیارہ اگست 2018ء سے سیارہ مشتری کا دور اصغر چل رہا ہے جو زائچے کا سب سے زیادہ منحوس اثر رکھنے والا سیارہ ہے، سیارہ مریخ جو بارھویں گھر کا حاکم ہے، دونوں ملکوں کے بارھویں گھر ہی میں حرکت کر رہا ہے، مریخ کی یہ پوزیشن پاکستان سے زیادہ انڈیا کے زائچے میں زیادہ تشویش ناک ہے، مارچ سے مریخ زائچے کے اہم گھروں کو متاثر کر رہا ہے، مزید یہ کہ انڈیا کے پیدائشی زائچے میں کثرت سیارگان تیسرے گھر میں ہے لہٰذا مریخ کی نظر تیسرے گھر پر بھی پڑ رہی ہے، جو پہل کاری اور اقدام کا گھر ہے، مشتری کے دور اصغر میں مشتری ساتویں گھر میں حرکت کر رہا ہے اور اس کی نظر بھی تیسرے گھر کے قابض سیاروں پر پڑ رہی ہے، یہ صورت حال بھارت کی طرف سے کسی مہم جوئی کا خطرہ ظاہر کرتی ہے لیکن کسی عملی اور باقاعدہ جنگ کا آغاز فی الحال ممکن نظر نہیں آتا ہے، البتہ جنگی جنون ضرور عروج پر ہے اور مزید رہے گا، اس حوالے سے چھوٹی موٹی سرحدی جھڑپیں بھی ہوسکتی ہیں لیکن باقاعدہ کسی بڑی جنگ کا امکان موجودہ سیاروی پوزیشن میں ممکن نظر نہیں آتا۔

جیسا کہ پہلے بتایا گیا ہے کہ بھارت کے زائچے میں قمر کا مین پیریڈ جاری ہے، پیدائشی زائچے میں قمر پر کیتو کی نظر ہے جس کی وجہ سے تقریباً ستمبر 2015ء سے بھارت میں مذہبی شدت پسندی میں اضافہ ہوا ہے اور یہ صورت حال قمر کے اس دور میں ستمبر 2025ء تک جاری رہے گی اور بھارت کے لیے یہ دور خاصی پس ماندگی اور زوال کا باعث ہوگا جس کی وجہ مذہبی انتہا پسندانہ رجحانات ہوں گے، اسی دور میں مشتری کا سب پیریڈ گیارہ دسمبر 2019ء تک جاری ہے، بھارت کے لیے یہ وقت خاصا بھاری ہے، بھارتی لیڈر شپ نے اس وقت میں اگر مدبرانہ دانش مندی کا مظاہرہ نہ کیا تو بڑے نقصانات اور ملک کی ساکھ متاثر ہوسکتی ہے جس کی توقع نہیں ہے کیوں کہ ٹرانزٹ کرتا ہوا سیارہ مشتری زائچے کے ساتویں گھر سے پیدائشی زائچے کے تیسرے گھر میں موجود سیارہ شمس کو متاثر کر رہا ہے اور مشتری کی یہ نظر خاصے طویل عرصے تک اپنا اثر دکھائے گی، مئی تک یہ صورت حال جاری رہے گی۔ بھارتی اپوزیشن پارٹیاں بہر حال موجودہ حکمرانوں کے موجودہ رویے کے خلاف ہیں، خصوصاً کانگریس موجودہ پاکستان مخالف پالیسی پر حکومت کو ہدف تنقید بنا رہی ہے، زائچے میں اس وقت سیارہ مشتری ٹرانزٹ میں پیدائش کے سیارہ شمس کو بہت بری طرح متاثر کر رہا ہے، شمس کا تعلق زائچے کے مطابق چوتھے گھر سے ہے جو عوام اور ملک کے اندرونی معاملات کے ساتھ ہی ملک کی اعلیٰ حکمران قیادت کی بھی نمائندگی کرتا ہے، زائچے کے سب سے منحوس سیارے کی سیارہ شمس پر نظر ملک میں بے چینی، بدامنی، پلوامہ جیسے حادثات و سانحات کی نشان دہی کر رہی ہے اور ملک کی حکمران قیادت شدید دباؤ اور پریشانی کا شکار ہے کیوں کہ بھارتی الیکشن بھی بہت قریب آچکے ہیں اور اس بات کا خطرہ موجود ہے کہ اس بار الیکشن میں بھی سخت بدامنی، انتشار اور حادثات کا سامنا ہوسکتا ہے، موجودہ وزیر اعظم نریندر مودی اور ان کی پارٹی کی پوزیشن نئے الیکشن میں بہتر نظر نہیں آتی، مزید یہ کہ انتخابی نتائج کسی معلق پارلیمنٹ کا نقشہ پیش کرسکتی ہے، چناں چہ دونوں ملکوں کے زائچوں کو مدنظر رکھتے ہوئے ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ موجودہ سال انڈیا کے مقابلے میں پاکستان کے لیے زیادہ مثبت اثر اور ترقی پذیر نظر آتا ہے۔

پاکستان کے تیزی سے بدلتے حالات وواقعات پر ایک نظر

پاکستان اور بھارت کے درمیان کشیدگی اپنے عروج پر پہنچی ہوئی ہے، اس کی وجہ بھارت میں ہونے والے انتخابات ہیں، بھارتی وزیر اعظم نریندر مودی ''پاکستان کارڈ'' کھیل کر انتخابات میں کامیابی حاصل کرنا چاہتے ہیں کیوں کہ ان کے پاس اس کے سوا کوئی دوسرا راستہ نہیں ہے، وہ تیزی سے اپنی مقبولیت کھو رہے ہیں، البتہ انتہا پسندانہ نظریات رکھنے والے لوگوں میں مقبول ہو رہے ہیں، اپنے دور اقتدار میں انھوں نے ہمیشہ مذہبی شدت پسندوں کی حوصلہ افزائی کی ہے اور مسلمانوں کے علاوہ دیگر مذہبی اقلیتوں کی پریشانی کا بھی سامان کیا ہے۔ بھارتی وزیر اعظم نریندر مودی نے اپنے کریئر کی ابتدا ہی ایک

انتہا پسند مذہبی جنونی پارٹی سے کی تھی اور سب جانتے ہیں کہ گجرات میں انھوں نے کس طرح مسلمانوں کے قتل عام کی حوصلہ افزائی کی، چناں چہ ان کے فطری رجحان اور میلان کسی سے ڈھکے چھپے نہیں ہیں۔

پاکستانی قیادت نے بلاشبہ نہایت تدبر اور تحمل کا مظاہرہ کیا ہے، بھارتی اشتعال انگیزی کا جواب خاصے تحمل کے ساتھ دیا اور مسلسل مذاکرات کی اہمیت پر زور دیا، ضروری کارروائی کر کے بھارت کو یہ بھی سمجھا دیا کہ مسئلے کا حل جنگ نہیں ہے، اگر جنگ کی گئی تو دونوں ملک بدترین صورت حال سے دوچار ہوں گے، دونوں ملکوں کے زائچوں پر جنگ کے حوالے سے نظر ڈالی جائے تو پاکستان کے زائچے کی پوزیشن بھارت کے مقابلے میں بہتر ہے، کسی بھی مہم جوئی کا نتیجہ بھارت کے خلاف ہی جائے گا، دونوں ملکوں کا طالع پیدائش برج ثور ہے لیکن طالع کے درجات مختلف ہیں اور سیاروی نشست و برخاست بھی مختلف ہے، ٹرانزٹ کرتے ہوئے سیارگان کی پوزیشن بھارت کے زائچے میں شر پسندی کو ہوا دے رہی ہے کیوں کہ سیارہ مریخ بارھویں گھر سے تیسرے گھر اور اس میں واقع سیارگان پر اثر انداز ہو رہا ہے، مزید یہ کہ سیارہ مشتری ساتویں گھر سے گزرتے ہوئے تیسرے گھر میں پیدائشی شمس سے ناظر ہے، یہ صورت حال بھارت اور بھارتی حکومت کے لیے بہتر نہیں ہے، بھارتی وزیر اعظم نریندر مودی جس حکمت عملی کے تحت الیکشن میں کامیابی کے لیے کوشش کر رہے ہیں، وہ ان کے خلاف جا رہی ہے، بین الاقوامی سطح پر بھی پاکستان کے فیصلوں اور اقدام کو پذیرائی ملی ہے، آیئے پاکستان کے زائچے پر ایک تفصیلی نظر ڈالتے ہیں۔

بھارت کی طرح پاکستان کا طالع پیدائش بھی برج ثور ہے، 2 دسمبر 2008ء سے زائچے میں سیارہ مشتری کا دور اکبر (Main period) جاری ہے جس کا اختتام 2 دسمبر 2024ء کو ہوگا، خیال رہے کہ سیارہ مشتری زائچے کا سب سے زیادہ منحوس اثر رکھنے والا سیارہ ہے، چناں چہ ہم دیکھتے ہیں کہ 2 دسمبر 2008ء سے پاکستان مسلسل بدترین حالات و واقعات سے گزر رہا ہے، دسمبر 2024ء سے جب یہ دور ختم ہوگا تو زائچے کے سعد ترین سیارہ زحل کا دور اکبر شروع ہوگا جو 19 سال جاری رہے گا، زائچے میں سیارہ زحل چندر لگن پہلے گھر میں نہایت مضبوط اور اچھی پوزیشن رکھتا ہے لہٰذا ہم کہہ سکتے ہیں کہ پاکستان 2025ء سے ایک شاندار دور میں داخل ہو جائے گا، دنیا بھر میں اس کا عزت و وقار بلند ہوگا۔ بہر حال موجودہ دور مسائل و مشکلات کا دور ہے، اس میں مزید خرابیاں 14 اکتوبر 2016ء سے شروع ہوئیں جب سیارہ زہرہ کا دور اصغر (Sub period) شروع ہوا۔

سیارہ زہرہ زائچے کے چھٹے گھر کا حاکم ہے اور چھٹے گھر کا تعلق اختلافات، تنازعات، دشمنی، جنگ و جدل کے علاوہ اسٹیبلشمنٹ سے ہے، سول وملٹری بیوروکریسی اس دوران میں غالب آئی، پورا ملک مختلف فوجی آپریشنز کے زیر اثر رہا، زائچے کا چھٹا گھر الیکشن اور عدلیہ کی فعالیت سے بھی متعلق ہے، چناں چہ اسی دوران میں الیکشن بھی ہوئے اور عدلیہ کی حد سے زیادہ فعالیت بھی ہمارے سامنے آئی، اس تمام عرصے میں اندرون ملک اور بیرون ملک تنازعات اور اختلافات کا بھی زور رہا جو بدستور جاری ہے۔

زہرہ کا یہ دور اصغر اس سال 15 جون 2019ء کو ختم ہو رہا ہے، اس کے بعد سیارہ شمس کا دور اصغر شروع ہوگا جو 2 اپریل 2020ء تک جاری رہے گا، سیارہ شمس زائچے کا سعد سیارہ ہے اور اس کا تعلق چوتھے گھر سے ہے جو عوام سے تعلق رکھتا ہے لیکن زائچے میں بہر حال مضبوط پوزیشن نہیں رکھتا، چناں چہ فوری طور پر جاری مسائل کا ختم ہونا ممکن نہیں ہوگا، البتہ موجودہ صورت حال میں تبدیلی ضرور دیکھنے میں آئے گی، جمع شدہ سرمایہ اور پراپرٹیز کا تعلق بھی اسی گھر سے ہے۔

کسی بھی زائچے میں جاری ادوار ذیلی حیثیت رکھتے ہیں، اولیت سیاروی گردش کو ہے، سال کے مختلف مہینوں اور دنوں میں سیاروی گردش اہم حالات و واقعات کی نشان دہی کرتی ہے، یہ حالات و واقعات مثبت بھی ہو سکتے ہیں اور منفی بھی، گزشتہ سال 20 دسمبر سے سیاروی گردش انتہائی منفی اثرات ڈال رہی تھی جس کی نشان دہی ہم نے پہلے ہی کر دی تھی اور عرض کیا تھا کہ تقریباً 24 فروری تک کا وقت پاکستان کے لیے خاصا مشکل اور مسائل سے بھرپور ہوگا، حکومت کے لیے بھی یہ ایک سخت وقت ہوگا، چناں چہ ایسا ہی ہوا، دسمبر سے فروری تک مختلف نوعیت کے مسائل اور مشکلات جاری رہے، اب صورت حال تبدیل ہو رہی ہے اور مارچ کی 23 تاریخ کو راہو اور کیتو اپنا گھر تبدیل کر رہے

ہیں جس کے نتیجے میں پاکستان اس دباؤ سے نکل جائے گا جو ابھی تک جاری تھا، راہو کیتو کی نئی پوزیشن فوری طور پر نقصان دہ نہیں ہوگی لیکن اس سال کے درمیانی عرصے میں ضرور نئی پریشانیاں لائے گی، اپریل سے اگست تک کا عرصہ حکومت اور وزیراعظم کے لیے نئے مسائل پیدا کرے گا۔ مارچ کا مہینہ پاکستان کے لیے آسان نہیں ہے، اس ماہ میں بھی ایسے خطرات موجود ہیں جو نئے حادثات و سانحات کو جنم دے سکتے ہیں، خصوصاً دس مارچ سے مہینے کے آخر تک انڈیا کی طرف سے کسی کارروائی یا الزام تراشی کا امکان موجود ہے، چناں چہ بہت زیادہ محتاط اور چوکنا رہنے کی ضرورت ہوگی۔

اس جاں کے زیاں کی ہم کو بھی تشویش ہے لیکن کیا کیجیے
جو راہ اُدھر کو جاتی ہے، مقتل سے گزر کر جاتی ہے

سیارہ مریخ زائچے کے بارھویں گھر میں حرکت کر رہا ہے اور منحوس اثر رکھتا ہے یعنی نقصانات کا نمائندہ ہے، ٹرانزٹ میں تیسرے، چھٹے اور ساتویں گھر کو ناظر ہے، ساتویں گھر میں سیارہ عطارد اور مشتری پیدائشی طور پر موجود ہیں، اس مہینے کے آخر تک دونوں سے نظر قائم کرے گا تو نئے واقعات و حادثات جنم لے سکتے ہیں، خصوصاً اپریل کا مہینہ وزیراعظم اور ان کی کابینہ کے لیے مزید مشکلات لاسکتا ہے کیوں کہ سیارہ مشتری زائچے کے آٹھویں گھر میں رہتے ہوئے پیدائشی شمس کو متاثر کرے گا، اس کے علاوہ معاشی مسائل میں بھی اضافہ کرے گا جس کی وجہ سے مہنگائی بڑھے گی اور عوام بھی سختی اور بے چینی کا شکار ہوں گے۔

راہو اور کیتو **24** مارچ سے برج جوزا اور قوس میں اپنے سفر کا آغاز کر رہے ہیں، برج جوزا پاکستان کے زائچے کا دوسرا اور برج قوس آٹھواں گھر ہے، ایک بڑی خرابی یہ ہے کہ حکومت اور وزیراعظم کا نمائندہ سیارہ زحل زائچے کے آٹھویں گھر میں آئندہ سال فروری تک رہے گا اور فوری طور پر کیتو سے متاثر ہوگا، کیتو اور زحل کا قران تقریباً اس سال اکتوبر تک جاری رہے گا، یہ صورت حال نہ صرف یہ کہ وزیراعظم اور ان کی کابینہ کے لیے مشکلات کا باعث ہوگی بلکہ ملک میں آفاتِ ارضی و سماوی کی بھی نشان دہی کرتی ہے، اسی طرح ملک سے متعلق اہم شخصیات کے لیے بھی ایک خطرے کی گھنٹی ہے۔ **23** اپریل کے بعد سیارہ مشتری واپس برج عقرب میں آجائے گا تو اس صورت حال کی شدت میں کمی آجائے گی لیکن اس کے برعکس بھارتی زائچے میں یہ شدت مزید بڑھ جائے گی اور اس کے نتیجے میں بھارتی انتخابات شدید انتشار، بدامنی اور حادثات کا شکار ہوں گے۔

جون کا مہینہ نہایت غیر معمولی فلکیاتی صورت حال کی نشان دہی کر رہا ہے، سیارہ مریخ (نقصانات کا نمائندہ) جون کے سیکنڈ ہاف میں نہ صرف یہ کہ راہو کیتو محور میں آجائے گا بلکہ سیارہ زحل کے بھی مقابل ہوگا، چناں چہ آفاتِ ارضی و سماوی کا اندیشہ بڑھ جائے گا، زلزلے، سیلاب وغیرہ سے نقصانات ہوسکتے ہیں، مزید یہ کہ وزیراعظم عمران خان کو بھی اس دوران میں اپنی سیکورٹی کا خصوصی خیال رکھنے کی ضرورت ہوگی، دشمن عناصر انھیں ہدف بنا سکتے ہیں۔

مجموعی طور پر جون کا مہینہ پاکستان میں خاصی افراتفری اور عدم اطمینان کا مہینہ ہوسکتا ہے، اس مہینے میں زائچے کے فعلی منحوس سیارگان زہرہ اور مشتری بھی مد مقابل ہوں گے اور سعد و نحس زحل اور مریخ بھی نہ صرف مقابل ہوں گے بلکہ راہو کیتو سے بھی متاثر ہو رہے ہوں گے، چناں چہ جون کے مہینے کو ایک مشکل مہینہ خیال کرنا چاہیے۔

(واللہ اعلم بالصواب)

لبیک یا حسین علیہ السلام

از تحریر: حجۃ الاسلام المسلمین علامہ سیّد رضی جعفر نقوی، کراچی

اہلِ ایمان، اپنی مجالس اور جلوسوں میں، فرطِ عقیدت اور کمالِ محبت کے ساتھ یہ آواز بلند کرتے ہیں کہ:

لَبَّیْكَ یَا حُسَیْن علیہ السلام

(جس کا مفہوم یہ ہے کہ: اے امام مظلوم...... میں حاضر ہوں)

جس طرح حج و عمرہ کے لئے جانے والا انسان، جب احرام باندھنے لگتا ہے تو نیت کرنے کے بعد تلبیہ پڑھتے ہوئے کہتا ہے :

لَبَّیْكَ اَللّٰھُمَّ لَبَّیْكَ... (الخ)

(میں حاضر ہوں، اے اللہ، میں حاضر ہوں)

ایک بامعرفت انسان اور ایک بے معرفت انسان...... دونوں، ان ہی فقروں کو ادا کرتے ہیں البتہ یہ واضح ہے کہ: بے معرفت انسان، جب زبان پر ان الفاظ کو ادا کرتا ہے تو بس اتنا سمجھتا ہے کہ: یہ میرے حج و عمرہ کے احرام کا شرعی ادب ہے، اور پیغمبرِ اکرمؐ کا بتایا ہوا طریقہ ہے کہ جب انسان احرام باندھنے لگے تو ان الفاظ کو زبان پر جاری کرے۔

لیکن بامعرفت انسان، جب ان الفاظ کو زبان پر جاری کرتا ہے، تو وہ سمجھتا ہے کہ بارگاہِ معبود میں حاضری کا کیا مطلب ہے۔ جس طرح حاکمِ اعلیٰ کے دربار میں حاضری کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ انسان وہاں اپنی زبان پر بھی اچھی طرح کنٹرول رکھے تاکہ کوئی خلافِ ادب و تہذیب بات نہ نکلنے پائے اور کوئی ایسا فقرہ نہ پھسل جائے جو حاکمِ اعلیٰ کو ناگوار گزرے۔

اور اپنے حرکات و سکنات پر بھی پورا قابو ہو کہ کوئی ایسی جنبش سرزد نہ ہو جائے جو حاکمِ اعلیٰ کی شان و مرتبے کے خلاف ہو۔

اسی طرح ...... بلکہ اس سے کئی ہزار گنا زیادہ احساسات کے ساتھ...... ہمیں بارگاہِ خداوندی میں حاضری کے موقع پر اپنے قول و فعل سے، اُس کی بارگاہ کے آداب کو ملحوظ رکھنا ہے کیونکہ وہ تو پوری کائنات کا حاکمِ اعلیٰ ہے۔

اسی لئے بندۂ مومن تلبیہ کے الفاظ (لبیك اللھم لبیك...) زبان سے ادا کرنے کے بعد خود کو اُن پچیس باتوں کا پوری طرح سے پابند بناتا ہے جو احرام کی حالت میں منع ہیں اور بامعرفت مومن، ان کلمات کی ادائیگی کے بعد دل کی گہرائیوں سے یہ محسوس کرتا ہے کہ: میں اب سلطان السلاطین کی بارگاہ میں حاضر ہوں، اب میرا پورا طرزِ عمل ایسا ہونا چاہئے جو رضائے الٰہی کا نمونہ قرار پائے، اور مجھ سے کوئی ایسی فروگذاشت سرزد نہ ہونے پائے کہ عرش سے میرے لئے یہ آواز آئے کہ لا لبیك، ولا سعدیك

(نہ تمہاری حاضری قبول ہے، نہ تمہارے لئے کوئی سعادت ہے)

امام مظلوم سرکار سید الشہداء خامس آلِ عبا، فرزند رسولِؐ خدا حضرت امام حسین علیہ السلام کو مخاطب کر کے جب ایک مومن یہ کہتا ہے کہ:

لَبَّیْكَ یَا حُسَیْن علیہ السلام (اے امامؑ، میں حاضر ہوں)

تو اُسے اپنے باطن کو ٹٹول کر دیکھنا چاہئے کہ کیا میں پوری طرح نصرت امام کے لئے حاضر ہوں......؟ کہیں ایسا تو نہیں ہے کہ: میں ان الفاظ کو رسماً زبان پر جاری کر رہا ہوں ...... یا یہ کہ: میں دیکھتا ہوں کہ دوسرے لوگوں کی زبانوں پر یہ فقرہ ہے، تو میں بھی اس فقرے کو دہرانے لگتا ہوں...... نہ اس کے مفہوم پر غور کرتا ہوں، اور نہ اس کے تقاضوں پر توجہ دیتا ہوں۔

اربابِ مقاتل کا بیان ہے کہ عصرِ عاشور جب امام عالی مقام کے تمام انصار و اعوان، درجہ شہادت پر فائز ہو چکے تھے، اور امام علیہ السلام میدان میں تنہا رہ گئے تھے، تو آپؑ نے اپنے باوفا ساتھیوں کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا تھا کہ: یا ابطال الصفا، ویا فرسان الھیجا...

(اے میرے شیرو، اے بہادرو، اے دلیرو...... تم کہاں ہو، حسینؑ تمہیں

آواز دے رہا ہے) تو انصار حسینی کی کٹی گردنوں سے آواز آئی تھی:

لَبَّیْكَ یَا حُسَیْن علیہ السلام

جو اُن شہیدان راہ خدا کی انتہائی جاں بازی، فدا کاری اور اخلاص کی علامت بن کر تاریخ کے صفحات پر محفوظ ہوگئی۔ لیکن آج جب کوئی مومن زبان سے کہتا ہے کہ: لَبَّیْكَ یَا حُسَیْن علیہ السلام (اے امامؑ میں حاضر ہوں) تو اُسے ضرور اس بات پر غور کرنا چاہیئے کہ کیا وہ امامؑ کے احکام کی تعمیل کے لئے دل و جان سے حاضر ہے؟ کیا وہ قول و عمل کے اعتبار سے، واقعاً اور حقیقتاً حسینی ہے؟

کیا وہ حسینیت کی سچی معرفت رکھتے ہوئے اُس کے تقاضوں کے مطابق زندگی سر کرنے کی سنجیدہ کوشش کرتا ہے۔ اور کیا اُس نے سرکار سید الشہداء حضرت امام حسین علیہ السلام کے پیغام کو اس کی روح کے مطابق سمجھ کر اُس کے تقاضوں کو پورا کرنے کی کوشش کی ہے۔ حسینی ہونے کے دعوے دار ہر شخص کو یہ سمجھنا چاہیئے کہ حضرت امام حسین علیہ السلام نے مدینہ منورہ سے نکلنے اور کربلا کی طرف جانے کا مقصد کیا بیان کیا ہے؟ کیونکہ جو شخص اُس مقصد کو سمجھنے کی پوری کوشش کرے اور اُس کے تقاضوں کی تکمیل کرے اُسی کا "لَبَّیْک یَا حُسَیْن علیہ السلام"... کہنا، معنویت کا حامل قرار دیا جاسکتا ہے۔

آیئے تاریخ سے پوچھتے ہیں کہ حضرت امام حسین علیہ السلام نے جب مدینہ منورہ سے سفر کا ارادہ کیا تو آپ نے اپنے مقصد کی وضاحت کرتے ہوئے کیا فرمایا؟ اس سلسلہ میں بکثرت مورخین اور سیرت نگاروں نے تصریح کی ہے کہ: حضرت امام حسین علیہ السلام نے مدینہ منورہ چھوڑنے سے پہلے اپنے چھوٹے بھائی "محمد بن حنفیہ" کے نام ایک مفصل وصیت نامہ چھوڑا، جس کا ایک ایک فقرہ قابل غور ہے۔ البتہ ہم اس کے چیدہ چیدہ نکات کی طرف، قارئین کرام کی توجہ مبذول کراتے ہیں۔ امام علیہ السلام نے فرمایا:

انی لم اخرج اشراً ولا بطراً
میں خودسری، یا فخر ومباہات کے طور پر نہیں نکلا ہوں

بلکہ انما خرجت لطلب الاصلاح فی اُمة جدی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
میں صرف اپنے نانا کی اُمت کے معاملات کی اصلاح کی تلاش میں نکلا ہوں اور میری آرزو ہے کہ

امر بالمعروف و انهی عن المنکر نیکی کی ہدایت کروں اور برائی سے روکوں و اسیر بسیرة ابی و جدی اور اپنے بابا اور نانا کی سیرت پر چلوں (شاہکار آفرینش: مقتل شیخ الرئیس صفحہ ۷۹)

مذکورہ بالا وصیت نامہ کے نکات پر غور کرنے اور پھر امام علیہ السلام نے کربلا کے راستے میں متعدد مقامات پر جو خطبے دیے ہیں اُن سب پر ایک سرسری نگاہ ڈالنے سے بھی یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ امام علیہ السلام اپنے نانا، خاتم الانبیاء حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اُمت میں جو کجروی اور بگاڑ دیکھ رہے تھے اُسے درست کرنے اور دینِ مصطفیؐ کی اعلیٰ اقدار کو جس طرح پامال کیا جا رہا تھا اُس کی اصلاح کے لیے نکلے تھے۔ اور اس اصلاح کی راہ میں آپ نے سب سے پہلے جس فریضہ کا تذکرہ فرمایا ہے، وہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر ہے۔ یعنی نیکی کی ہدایت کرنا اور برائی سے روکنا اور حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اُسوۂ حسنہ اور حضرت امیر المومنین علی بن ابی طالب علیہ السلام کی سیرتِ طیبہ کے تابندہ نقوش سے بنی نوع انسان کی قسمت کو سنوارنے کی سعی بلیغ۔ اب جو لوگ بھی دنیا کے جس علاقے، جس خطۂ ارض اور جس دور میں بھی "لبیك یا حسین علیہ السلام" کی صدا بلند کرتے ہیں۔

اُن کی اس عظیم الشان صدا میں معنویت اُسی وقت دکھائی دے گی جب وہ پوری طرح سے امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے فریضہ کو انجام دیں، سرکارِ دو عالمؐ کے اُسوۂ حسنہ کو اپنی زندگی کا نصب العین قرار دیں، اور سیرت امیر المومنین کو اپنا کر اُسے لوگوں تک پہنچانے کا فریضہ بھی انجام دیا۔ یہ بات ہر مومن کو یاد رکھنی چاہیے کہ:

زباں سے کہہ بھی دیا لا الٰہ تو کیا حاصل
دِل و نگاہ مسلماں نہیں تو کچھ بھی نہیں

پیغامِ حسینی کی نشر و اشاعت اہلِ ایمان کا وہ اہم ترین فریضہ ہے جسے حسینی قافلے کے سربرآوردہ افراد ہر دور میں ادا کرتے رہے ہیں، اور اس سلسلہ میں اُنہوں نے دار و رسن کی سختیوں کا کبھی خیال نہیں کیا۔

آج بھی جو لوگ اس قافلے میں اُس کے شرائط و آداب کے ساتھ شامل ہونے کے آرزومند ہیں، وہ اس فرض کی ادائیگی میں پیش قدمی دکھائیں۔

باقی صفحہ نمبر 26

ولادت امام العصر علیہ السلام
15 شعبان

انتخاب: علامہ ڈاکٹر محمد حسین اکبر (منہاج الحسین لاہور)

امام مهدی علیہ السلام قرآن کریم کی روشنی میں

الف: قرآن کریم کی روشنی میں

قرآن کریم، الٰہی معارف کا نایاب اور ہمیشہ کے لئے باقی رہنے والی حکمتوں اور انسان کے لئے ضروری علم کا بہتا دریا ہے، یہ ایک ایسی کتاب ہے جس میں تمام تر صداقت اور سچائی ہے جس میں گزشتہ اور آئندہ کی خبروں کو بیان کیا گیا ہے اور کسی بھی حقیقت کو بیان کئے بغیر نہیں چھوڑا ہے۔ اگر چہ یہ بات روشن ہے کہ دنیا کے بہت سے ظریف حقائق الٰہی آیات میں پوشیدہ ہیں، اور صرف وہی حضرات ان واقعات کی حقیقت تک پہنچتے ہیں جو قرآن کی گہرائی تک پہنچ جاتے ہیں، اور وہ قرآن کریم کے حقیقی اہل اور مفسر قرآن یعنی پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آپ کی آلِ پاک ہے۔ امام مہدی علیہ السلام کا قیام اور انقلاب اس دنیا کی سب سے بڑی حقیقت ہے جس کے بارے میں قرآن کریم کی متعدد آیات اور ان آیات کی تفسیر میں بیان ہونے والی بہت سی روایات میں اشارہ ہوا ہے، ہم یہاں پر چند نمونے پیش کرتے ہیں:

سورہ انبیاء آیت ۱۰۵ / میں ارشاد ہوتا ہے: "اور ہم نے ذکر کے بعد زبور میں بھی لکھ دیا ہے کہ ہماری زمین کے وارث ہمارے نیک بندے ہی ہوں گے"۔ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: "زمین کو ارث میں لینے والوں سے مراد نیک اور صالح بندے ہیں، جو امام مہدی علیہ السلام اور ان کے ناصر و مددگار ہیں"۔ [1] اسی طرح سورہ قصص آیت ۵ میں ارشاد ہوتا ہے: "اور ہم یہ چاہتے ہیں کہ جن لوگوں کو زمین میں کمزور کر دیا گیا ہے ان پر احسان کریں اور انہیں لوگوں کا پیشوا بنائیں اور زمین کے وارث قرار دیدیں"۔

حضرت امام علی علیہ السلام نے فرمایا: " (مستضعفین) سے مراد پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آل ہے، خداوند عالم کوشش اور پریشانیوں کے بعد اس خاندان کے "مہدی" کے ذریعہ انقلاب برپا کرائے گا اور ان کو اقتدار اور شکوہ وعظمت کی اوج پر پہنچا دے گا نیز ان کے دشمنوں کو ذلیل ورسوا کر دے گا"۔ [2]

اسی طرح سورہ ہود آیت ۸۶ میں ارشاد ہوا ہے: "اللہ کی طرف کا ذخیرہ تمہارے حق میں بہت بہتر ہے اگر تم صاحب ایمان ہو"۔

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: "جس وقت امام مہدی علیہ السلام ظہور فرمائیں گے خانہ کعبہ کی دیوار سے تکیہ لگائیں گے اور سب سے پہلے اسی آیت کی تلاوت فرمائیں گے اور اس کے بعد فرمائیں گے: "میں زمین پر "بقیہ اللہ، اس کا جانشین، اور تم پر اس کی حجت ہوں۔ پس جو شخص بھی آپ کو سلام کرے گا تو اس طرح کہے گا: اَلسَّلامُ عَلَیكَ یَا بَقِیَّةَ اللہِ فِی اَرْضِہ "[3] اور سورہ حدید آیت ۱۷ / میں ارشاد ہوتا ہے: "یاد رکھو کہ خدا مردہ زمینوں کا زندہ کرنے والا ہے اور ہم نے تمام نشانیوں کو واضح کر کے بیان کر دیا ہے تا کہ تم عقل سے کام لے سکو"۔ حضرت امام صادق علیہ السلام نے فرمایا: "مراد یہ ہے کہ خداوند عالم زمین کو حضرت امام مہدی علیہ السلام کے ظہور کے وقت ان کی عدالت کے ذریعہ زمین کو زندہ فرمائے گا جو گمراہ حکام کے ظلم وستم کی وجہ سے مردہ ہو چکی ہوگی"۔ [4]

ب: روایات کی روشنی میں

حضرت امام مہدی (عج) کے سلسلہ میں بہت سی روایات ہمارے پاس موجود ہیں، اور یہ روایات اس طرح ہیں جن میں امام مہدی علیہ السلام کی زندگی کے مختلف حصوں پر الگ الگ روایات ائمہ علیہم السلام کے ذریعہ بیان ہوئی ہیں، جیسے آپ کی ولادت، بچپن کا زمانہ، غیبت صغریٰ اور غیبت کبریٰ، ظہور کی نشانیاں، ظہور کا زمانہ، عالمی حکومت۔ چنانچہ امام مہدی علیہ السلام کی

ظاہری اور اخلاقی خصوصیات، غیبت کا زمانہ اور ان کے ظہور کے منتظرین کی جزا اور ثواب کے بارے میں بہت اہم روایات موجود ہیں، قابل توجہ بات یہ ہے کہ ان میں سے متعدد روایات شیعہ کتابوں میں بھی بیان ہوئی ہیں اور اہل سنت کی کتابوں میں بھی، اور امام مہدی علیہ السلام کے بارے میں بہت زیادہ روایات "متواتر"[5] ہیں۔

قابل ذکر بات یہ ہے کہ امام مہدی علیہ السلام کی خصوصیات میں سے یہ بھی ہے کہ تمام ہی معصومین علیہم السلام نے آپ کے بارے میں بہترین کلمات ارشاد فرمائے ہیں جو واقعاً علم و آگاہی کا مجموعہ ہے، جن میں عدالت کے اس علمبردار کے قیام اور انقلاب کی حکایت ہوئی ہے۔ہم یہاں پر ہر معصوم سے ایک ایک حدیث بیان کرنا بہتر سمجھتے ہیں: پیغمبر اکرم ﷺ نے فرمایا: "خوش نصیب ہیں وہ لوگ جو مہدی (علیہ السلام) کی زیارت کریں گے، اور خوش نصیب ہے وہ شخص جو ان سے محبت کرتا ہوگا، اور خوش نصیب ہے وہ شخص جو ان کی امامت کو مانتا ہو"۔[6] حضرت امام علی علیہ السلام نے فرمایا: "(آل محمد) کے ظہور کے منتظر رہو، اور خدا کی رحمت سے مایوس نہ ہونا، بے شک کہ خداوندعالم کے نزدیک سب سے زیادہ پسندیدہ کام "ظہور کا انتظار" ہے۔[7] لوح فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا ([8]) میں بیان ہوا ہے: "اس کے بعد اپنی رحمت کی وجہ سے اوصیاء کا سلسلہ امام حسن عسکری علیہ السلام کے فرزند ارجمند پر مکمل کردوں گا؛ جو موسیٰ کا کمال، عیسیٰ کا شکوہ اور جناب ایوب کا صبر رکھتا ہوگا۔"[9] امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام ایک روایت کے ضمن میں رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد پیش آنے والے بعض حوادث کو بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں: "خداوندعالم آخر الزمان میں ایک قائم کو بھیجے گا۔اور اپنے فرشتوں کے ذریعہ اس کی مدد کرے گا، اور ان کے ناصروں کی حفاظت کرے گا۔اور اس کو تمام زمین پر رہنے والوں پر غالب کرے گا۔وہ زمین کو عدالت، نور اور آشکار دلیلوں سے بھردے گا۔خوش نصیب ہے وہ شخص جو اس زمانہ کو درک کرے اور ان کی اطاعت کرے"۔[10] حضرت امام حسین علیہ السلام نے فرمایا: "خداوندعالم اس (امام مہدی علیہ السلام) کے ذریعہ مردہ زمین کو زندہ اور آباد کردے گا، اور اس کے ذریعہ دین حق کو تمام ادیان پر غالب کردے گا، اگر چہ یہ بات مشرکین کو اچھی نہ لگے۔ وہ غیبت اختیار کرے گا جس میں ایک گروہ دین سے گمراہ ہوجائے گا اور ایک گروہ دین (حق) پر قائم رہے گا۔ بے شک جو شخص ان کی غیبت کے زمانہ میں پریشانیوں اور جھٹلائے جانے کی بنا پر صبر کرے وہ اس شخص کی مانند ہے جس نے رسول خدا ﷺ کی رکاب میں تلوار سے جہاد کیا ہو"۔[11] حضرت امام سجاد علیہ السلام نے فرمایا: "جو شخص قائم آل محمد کی غیبت کے زمانہ میں ہمارے مودت اور دوستی پر ثابت قدم رہے خداوندعالم اس کو شہدائے بدر و اُحد کے ہزار شہیدوں کے برابر ثواب عنایت فرمائے گا"۔[12] حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: "ایک زمانہ وہ آئے گا کہ جب لوگوں کا امام غائب ہوگا، پس خوش نصیب ہے وہ شخص جو اس زمانہ میں ہماری ولایت پر ثابت قدم رہے۔"[13] حضرت امام صادق علیہ السلام نے فرمایا: "قائم آل محمد کے لئے دو غیبتیں ہوں گی ایک غیبت صغریٰ اور دوسری غیبت کبریٰ ہوگی"۔[14] حضرت موسیٰ کاظم علیہ السلام نے فرمایا: "امام (مہدی علیہ السلام) لوگوں کی نظروں سے پوشیدہ رہے گا لیکن مومنین کے دلوں میں ان کی یاد تازہ رہے گی"۔[15] حضرت امام رضا علیہ السلام نے فرمایا: "جس وقت (امام مہدی علیہ السلام) قیام کریں گے تو ان کے (وجود کے) نور سے زمین روشن ہوجائے گی، اور وہ لوگوں کے درمیان حق و عدالت کی ترازو قرار دیں گے اور اس موقع پر کوئی کسی پر ظلم و ستم نہیں کرے گا"۔[16] امام محمد تقی علیہ السلام نے فرمایا: "قائم آل محمد کی غیبت کے زمانہ میں (مومنین کو) ان کے ظہور کا انتظار کرنا چاہئے اور جب وہ ظہور اور قیام کریں تو ان کی اطاعت کرنا چاہئے"۔[17] حضرت امام علی نقی علیہ السلام نے فرمایا: "میرے بعد میرا فرزند حسن (عسکری) امام ہوگا اور ان کے بعد ان کا فرزند "قائم" امام ہوگا، وہ زمین کو عدل وانصاف سے بھر دیں گے جیسا کہ ظلم و جور سے بھری ہوگی"۔[18] حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام نے فرمایا: "اس خدائے وحدہ لاشریک کا شکر ہے جس نے میری زندگی میں مجھے جانشین عطا کردیا، وہ خلقت اور اخلاق کے لحاظ سے رسول خدا ﷺ سے سب سے زیادہ مشابہ ہے"۔[19]

اعمال نیمۂ شعبان

عریضہ یا صاحب الزمان ادرکنی فی سبیل اللہ

حافظ شہزادہ سید محسن علی زنجانی

عریضہ کا سائنسی جواز: فیکس مشین نے یہ ثابت کردیا ہے کہ آپ کا اصلی خط/چٹھی آپ ہی کے پاس موجود ہے جبکہ آپکے پیغامات اسی لمحہ امریکہ، برطانیہ اور دنیا کے تمام گوشوں میں اسی لمحہ پہنچ جاتے ہیں۔ "**سرکار ولی عصر**ؑ" جو خدا کے "**لاریب**" نمائندہ ہیں انکے حضور نیت اعمال کا روزنامچہ کہیں تیز رفتاری سے پہنچتا ہے۔ "جناب مالک اشتر مولا علیؑ" سے عرض کرتے ہیں۔ مولا میں نے آج آپکی تعداد کے برابر لوگ فی النار کیے ہیں۔ **مولا علیؑ فرماتے ہیں:** اے اُشتر" میں نے جن لوگوں کو قتل کیا ہے میں نے ان کی نسلوں تک کو چیک کیا ہے کوئی کہیں مومن تو نہیں"۔ **ہمارے مولا (امام زمانہؑ)** بھی انکی اولاد ہیں جو تمام معاملات کی تہہ تک آگاہ ہیں۔

☆ دنیا میں کوئی کام درخواست کے بغیر نہیں ہوتا۔ بچہ سکول داخل کروانا ہو، مریض ہسپتال میں، کوئی بھی ملازمت حاصل کرنا ہو تو درخواست ضروری ہے۔ آپکی اپنی رقم بنک میں جمع ہے مگر ضروری ہے کہ درخواست دے کر رقم حاصل کریں۔ **درخواست ایک مستند ریکارڈ کی حیثیت رکھتی ہے۔**

☆ نماز، عبادت عادات اور روایت کے طور پر ادا ہوتی ہے۔ دعا و مناجات توجہ اور انتہائی غور سے مانگی جاتی ہے۔ کسی بزرگ، استاد کو ہم اس کی اہلیت قابلیت کی وجہ سے عزت و احترام دیتے ہیں۔ بادشاہ، افسر، جی۔ ایم کو بحیثیت عہدہ و مرتبہ گارڈ آف آنر پیش کیا جاتا ہے۔ دوست، عزیز، بزرگ، روحانی پیشوا، پیر و مرشد کو بہ لحاظ مرتبہ القاب و احترام اور نفسِ مضمون سے مخاطب کیا جاتا ہے۔ "جناب" ہم اپنے **آقا و مولاؑ** کے حضور "**عریضہ**" پیش کرتے ہیں۔ تمام تر نیاز مندیوں کے ساتھ سرکار کے دربار میں حاضری کی سفارش حاصل کرتے ہیں۔ پوری توجہ، انتہائی یکسوئی، تمام تر اعلیٰ القابات اور بہترین نفسِ مضمون کے ساتھ مولاؑ کو پکار کر راز و نیاز کرتے ہیں۔ مولا کریم ابن کریم ہیں ہمیشہ لجپال فرماتے ہیں۔ لمحہ بھر سے پہلے مدد نصرت فرماتے ہیں

☆ نقش و تعویذ، اسم اعظم کا کام کرتا ہے جس کام کے لیے اس کے روحانی فیض و برکات حاصل ہوتے ہیں۔ اس طرح **مولاؑ کا عریضہ** بھی "**اسم اعظم**" کا کام کرتا ہے۔ جہاں جہاں آبپاشی ہوتی ہے۔ فصلوں کو خیر و برکات نصیب ہوتی ہے۔ آبی پودوں اور جانوروں کو حیات نو ملتی ہے۔ الغرض جو کچھ کہا جائے، کم ہے۔

تمام پریشانیوں و مشکلات کے لیے مالک حقیقی کی بارگاہِ اقدس میں درخواست پیش کریں

بسم اللہ الرحمن الرحیم — اللھم صل علی محمدٌ و آلِ محمدٌ — اللہ اکبر۔ الحمدللہ۔ سبحان اللہ

از جناب سیدہ فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا

عریضہ بحضور پُرنور قسمت کائنات، لنگر زمین و آسمان
جناب امام مہدیؑ ابن جناب حضرت امام حسن عسکریؑ

میرے تمام معاملات خدا کے سپرد ہیں۔ سرکار ولی عصرؑ ہمارے آقا، مولا، نگہبان، وارث، سرپرست ہیں۔ پھر پریشانی/فکر کیسی؟ اے ہمارے مولا و آقا ہم آپ کے غلام ہیں۔ ہم حیدری، حسینی ہیں۔ (ہم جناب سیدہ طاہرہؑ کی دعاؤں سے پیدا ہوئے ہیں)۔ ہم آپ کی رعایا ہیں، اللہ تعالیٰ آپ کو صحت و سلامتی عطا فرمائے۔ خدا آپ کو تمام دشمنوں اور ہر قسم کے شر سے اپنی خصوصی حفظ و امان میں رکھے۔ آپ کا جلد از جلد ظہور ہوتا کہ آپ آکر دشمنانِ اسلام سے بدلہ لے سکیں۔ پوری کائنات میں فقط ہم نے اپنا سر آپ کے "درِ اقدس" پر جھکایا ہے۔ میرے مشکلات، پریشانیوں کو حل فرمائیں۔ آپ کو ان کا واسطہ جن کا واسطہ آپ رَد نہیں فرماتے۔ میرے مسائل و ضروریات یہ ہیں۔

مولا جلد مدد فرمایئے، جلد مدد فرمائے، ابھی ابھی فوراً، دشمن ہمیں طعنہ زنی نہ کریں کہ آپکے مالک مشکل کشا نہیں

یہاں اپنا نام مع ولدیت لکھیں: ____________________

دو رکعت نماز حاجات پڑھیں۔ شب بدھ یا روز بدھ اعمال صاحب العصرؑ بجالائیں
عریضہ مولاؑ کی ضریح اقدس یا قرآن پاک میں یا آب جاری میں یہ کہتے ہوئے مولاؑ کے سپرد کریں

اے حسینؓ بن روح آپ پر سلام ہو۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ آپکی وفات اللہ کی راہ میں ہوئی۔ آپ اللہ کے نزدیک زندہ و رزق یافتہ ہیں۔ میں آپ سے اس زندگی میں مخاطب ہوں جو آپکو اللہ کے نزدیک حاصل ہے۔ پس میرا یہ رقعہ اور میری حاجات ہمارے مولاؑ جناب امام زمانہؑ کے حضور پیش کریں، آپ قابل اعتماد و امانتدار ہیں۔

آیئے اپنے آقا کے ساتھ گفتگو کر کے مولا سے تمام تر فیض و برکات حاصل کریں۔ آیئے اپنی حاجت کا عریضہ ڈالیں

"اللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّد"

کاشانۂ زنجانی، D-125، حضرت میراں حسین زنجانیؒ روڈ، مین مارکیٹ، گلبرگ 2، لاہور
Ph: +924235752277
+924235872277

نوٹ: پرنٹ شدہ عریضے بلا ہدیہ ادارہ آئینہ قسمت سے طلب کریں

دربارِ مصطفائی کا روحانی فیض

نظراتِ سیّارگان کے عملیات برائے ماہِ اپریل 2019ء

آسمانی کونسل میں نظراتِ سیارگان کی عملیات وتعویذات کی تیاری میں ایسے ہی اہمیت رکھتی ہے جیسے جسم میں روح کی ہو۔ مندرجہ ذیل اوقات تربیع میں نحس اعمال جبکہ تسدیس، مثلیث اور قران (بشرطیکہ قران نحس کواکب کا نہ ہو) میں سعد اعمال کیے جاتے ہیں۔

قارئین آئینہ قسمت! چند سال سے آپ نے اِس کالم میں تبدیلی محسوس کی ہوگی۔ نظر سیارگان کی اِبتداء، انتہا اور خاتمہ کے اوقات بن عملیات میں شامل کر کے ہم نے عاملین، شائقین عملیات کیلئے آسانی پیدا کر دی ہے۔ اب یہ اُلجھن ختم ہوگئی کہ فلاں سیارے کی نظر کب بن کر کب ختم ہوگی۔ اب عملیات کی تیاری میں پورے پورے وقت سے اِستفادہ کیا جا سکتا ہے۔ نقشہ ساعت (جو نیچے درج ہے) سے جو ہر دن طلوع آفتاب سے شروع ہوتی ہے، اپنے شہر کے طلوع آفتاب سے متعلقہ ستارے کی ساعت دیکھ کر اس ساعت میں تیار کیا گیا عمل اور بھی مؤثر ہو جاتا ہے۔ سالنامہ زنجانی جنتری 2019ء میں بھی ہم نے اہم سالانہ نظرات سیارگان تفصیلی درج کیے ہیں۔ ہماری خدمت باعث فخر تبھی بن سکتی ہے، جب آپ وقتاً فوقتاً اپنے تبصروں سے نوازتے رہیں۔ **عامل شاہ زنجانی**

کسی بھی عمل کی ابتداء سے پہلے 2 رکعت نماز اجمالاً ہدیہ روح حضرت رسالت پناہ ﷺ مع سائر انبیاء، عظامؑ اور اولیاء کرامؒ پڑھیں۔ پھر مخصوص بہ نیت رجال الغیب مردان خدا جس سمت یہ اس روز کھڑے ہوں، اُن کی طرف باادب رُخ کر کے دائیں ہاتھ کی شہادت کی انگلی اُس سمت کھڑی کر کے درج ذیل دعا مع ایک بار بسم اللہ شریف پڑھ کر سات بار پڑھیں۔ رجال الغیب کی تواریخ کا چارٹ حسب ذیل ہے۔ عمل کرتے وقت رجال الغیب کی جانب اپنی پشت رکھیں۔

جنوب مشرق 24`16`09`01	جنوب مغرب 25`17`10`02	جنوب 26`18`11`03	مغرب 27`19`12`04
شمال مغرب 00`20`13`05	شمال مشرق 28`21`00`06	مشرق 29`22`14`07	شمال 30`23`15`08

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ اَلسَّلَامُ عَلَیۡکُمۡ یَا رِجَالُ الۡغَیۡبِ وَیَا اَرۡوَاحُ الۡمُقَدَّسَۃ اَعِیۡنُوۡنِیۡ بِقُوَّۃٍ وَ نۡظُرُوۡنِیۡ بِنَظۡرَۃٍ یَا رُقَبَاء یَا نُقَبَاء یَا نُجَبَاء یَا اَبۡدَال یَا اَوۡتَاد یَا قُطۡب یَا غَوۡث اَعِیۡنُوۡنِیۡ بِحُرۡمَۃِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَسَلَّمَ وَ عَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ اَجۡمَعِیۡن

روحانی ماہنامہ آئینہ قسمت میں تمام اعمال نیک نیتی کی بناء پر عاملین وقارئین کے استفادہ کیلئے دیئے جاتے ہیں۔ جائز کام میں تو اللہ اور اس کا رسول بھی مدد کرتے ہیں۔ ناجائز عمل کرنے سے باز رہیں، ورنہ سخت رجعت بھی ممکن ہے۔ بہر حال جب بھی کوئی عمل کریں تو لازم ہے کہ عمل کی رجعت سے بچنے کیلئے 6 کلو چینی، ایک کلو سوجی یا بارہ کلو باجرہ، دو کلو چاول اپنے سر سے وار کر رکھ لیں۔ بعد از عمل استعمال سے پہلے کسی بھی قبرستان جا کر عامل شاہ زنجانی کا اور اپنا اہل قبور کو سلام عرض کریں اور فاتحہ کوانی کر کے درختوں کی جڑوں میں حشرات الارض کو صدقہ ڈال دیں اور صدقہ ڈالنے کے بعد پیچھے مڑ کر نہ دیکھیں۔ یہ صدقہ صرف ایک عمل کیلئے ہے، دوسرے عمل کیلئے علیحدہ صدقہ دیں۔

ساعات کی ترتیب آپ کے شہر کے طلوع آفتاب سے شروع ہوتی ہے۔

شمار	پہلی								دوسری							تیسری							چوتھی	
دن	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴
اتوار	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
پیر	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
منگل	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
بدھ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
جمعرات	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
جمعہ	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
ہفتہ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ

تسدیس عطارد زحل:۔

اس سعد وقت کی ابتداء 6 اپریل 2 بجکر 37 منٹ، مکمل نظر 7 اپریل 14 بجکر 17 منٹ جبکہ خاتمہ نظر 8 اپریل 21 بجکر 56 منٹ پر ہوگا۔ برائے حل المشکلات ہر قسم نقش نادِ علیؑ لکھ کر با پرہیز پاس رکھیں۔

۷۸۶			
۱۶۰۳	۱۶۰۶	۱۶۰۹	۱۵۹۶
۱۶۰۸	۱۵۹۷	۱۶۰۲	۱۶۰۷
۱۵۹۸	۱۶۱۱	۱۶۰۴	۱۶۰۱
۱۶۰۵	۱۶۰۰	۱۵۹۹	۱۶۱۰

تربیع شمس زحل:۔

اس نحس وقت کی ابتداء 9 اپریل 12 بجکر 31 منٹ، مکمل نظر 10 اپریل 13 بجکر 46 منٹ جبکہ خاتمہ نظر 11 اپریل 15 بجکر 01 منٹ پر ہوگا۔ دشمنوں کو مشکلات میں ڈالنے کیلئے ضروری ہو تو سورۃ کوثر کے خالی البطن نقش کو ساعت زحل میں لکھ کر احاطہ قبور میں دفنائیں، ناجائز ہرگز نہ کریں۔

۷۸۶		
۶۸۷	۱۸۳۸	۲۲۹
۱۶۰۹	یہاں مقصد لکھیں	۱۱۴۵
۴۵۸	۹۱۶	۱۳۸۰

تربیع عطارد مشتری:۔

اس نحس وقت کی ابتداء 11 اپریل 8 بجکر 56 منٹ، مکمل نظر 12 اپریل 9 بجکر 17 منٹ جبکہ خاتمہ نظر 13 اپریل 8 بجکر 30 منٹ پر ہوگا۔ دشمنوں کو ذلیل وخوار کرنے کیلئے اگر اشد ضروری ہو تو سورۃ لہب کے خالی البطن نقش سے استعفادہ کریں۔ ناجائز ہرگز نہ کریں۔

۷۸۶		
۱۴۵۵	۲۸۸۶	۴۸۵
۳۴۰۱	یہاں مقصد لکھیں	۲۴۲۵
۹۷۰	۱۹۴۰	۲۹۱۶

تسدیس زہرہ زحل:۔

اس سعد وقت کی ابتداء 11 اپریل 23 بجکر 47 منٹ، مکمل نظر 12 اپریل 20 بجکر 07 منٹ جبکہ خاتمہ نظر 13 اپریل 16 بجکر 27 منٹ پر ہوگا۔ محبت بڑھانے اور اختلافات کو دُور کرنے کیلئے سورۃ یوسف کے خالی البطن نقش سے فیض حاصل کریں۔

۷۸۶		

یہ پشت کی طرف آئے گی:۔

۷۸۶

اللھم	اسلاء	خیر	ما	صنع	صانع	بی
اسلاء	خیر	ما	صنع	صانع	بی	اسلاء
خیر	ما	صنع	صانع	بی	اسلاء	خیر
ما	صنع	صانع	بی	اسلاء	خیر	ما
صنع	صانع	بی	اسلاء	خیر	ما	صنع
صانع	بی	اسلاء	خیر	ما	صنع	صانع
بی	اسلاء	خیر	ما	صنع	صانع	بی

لوح تیار کرنے کے لئے شرف قمر میں تیار کریں باوضو پاک صاف سوا کلو چاول اور دہی مکس کر کے چیل کوؤں کو ڈال دیں چاول پکا کر دہی مکس کریں اور نقش رات کو ساعت قمر میں تیار کریں لوح عرق گلاب و زعفران سے تیار کریں ایک عدد قیدی اپنے گلے میں ڈالیں اور چلتے پھرتے قیدی یافتاحُ یالطیفُ بحق حسبنا اللہ و نعم الوکیل پڑھیں۔

لوح یہ ھے سامنے کی طرف آئے گی:۔

جبرائیل ۵۸۳ میکائیل

سبح للہ	مافی	السمٰوٰت	والارض	وھو العزیز	الحیکم	لہ ملک	السمٰوٰت	والارض	یحیی و یمیت
مافی	السمٰوٰت	والارض	وھو العزیز	الحکیم	لہ ملک	السمٰوٰت	والارض	یحیی و یمیت	وھو علے
السمٰوٰت	والارض	وھو العزیز	الحکیم	لہ ملک	السمٰوٰت	والارض	یحیی و یمیت	وھو علے	کل شئی قدیر
والارض	وھو العزیز	الحکیم	لہ ملک	السمٰوٰت	والارض	یحیی و یمیت	وھو علے	کلی شئی قدیر	ھو الاول
وھو العزیز	الحکیم	لہ ملک	السمٰوٰت	والارض	یحیی و یمیت	وھو علے	کل شئی قدیر	ھو الاول	والأخر
الحکیم	لہ ملک	السمٰوٰت	والارض	یحیی و یمیت	وھو علے	کل شئی قدیر	ھو الاول	والأخر	والظاھر
لہ ملک	السمٰوٰت	والارض	یحیی و یمیت	وھو علے	کل شئی قدیر	ھو الاول	والأخر	والظاھر	والباطن
السمٰوٰت	والارض	یحیی و یمیت	وھو علے	کل شئی قدیر	ھو الاول	والأخر	والظاھر	والباطن	وھو بکل
والارض	یحیی و یمیت	وھو علے	کل شئی قدیر	ھو الاول	والأخر	والظاھر	والباطن	وھو بکل	شیء
یحیی و یمیت	وھو علے	کل شئی قدیر	ھو الاول	والأخر	والظاھر	والباطن	وھو بکل	شیء	علیم

اسرافیل نصر من اللہ و فتح قریب عزرائیل

کرشماتِ بخاری

لوحِ سورۃ اخلاص

اس لوح سورۃ اخلاص کے بہت سارے فائدے حاصل ہوتے ہیں کچھ اہم فائدے میں تحریر کر رہا ہوں تا کہ آپ قارئین کو سمجھ آسکے۔

1:۔آسیب و جنات جادو کا توڑ شیطانی اثرات سے تحفظ۔ **2**:۔حمل کی مکمل حفاظت۔ **3**:۔نظر بد سے تحفظ۔ **4**:۔استخارہ۔ **5**:۔روحانی ترقی حاصل ہوگی۔ **6**:۔ترقی رزق و مال و اولاد۔ **7**:۔تسخیر خاص و عام۔ **8**:۔ہر مشکل آسان ہوگی۔ **9**:۔مقدمہ میں کامیابی ملے گی۔ **10**:۔قید سے رہائی ملے۔ **11**:۔ادائیگی قرض ہو۔ **12**:۔چوری سے تحفظ ملے گا۔ **13**:۔میاں بیوی کی محبت میں کامیابی۔ **14**:۔حُب میں کامیابی۔ **15**:۔من پسند شادی کے لئے کامیابی۔ **16**:۔دشمن پر غلبہ پائے۔ **17**:۔صحت وکلی وسلامتی ملے۔ **18**:۔زبان بندش کے لئے خاص۔ **19**:۔کاروبار میں ترقی پائے۔ **20**:۔عہدہ میں ترقی۔ **21**:۔عامل حضرات کے لئے عملیات میں ہر عمل کو کامیابی ملے گی۔ **22**:۔کینسر سے نجات کے لئے بہت مفید ہے۔ **23**:۔رجعت میں مبتلا عامل کے لئے راہ نجات ہے۔

اس لوح کے ویسے بہت فائدے ہیں میں نے چند فائدے تحریر کر دیئے ہیں اس لوح سورۃ اخلاص کو وہی تیار کر سکتا ہے جس نے سورۃ اخلاف کا چلّہ جلالی و جمالی کئے ہوں کم از کم پانچ اور حروف تہجی کا عامل ہو یہ لوح شرفِ قمر میں تیار کریں چاندی کے پترے پر اور شب قدر میں تیار کر سکتے ہیں۔ مکمل مقصد دل میں رکھ کر لوح تیار کریں قبلہ رُخ اور جب تیار ہو جائے لوح اس پر **660** بار سورۃ اخلاص پڑھ کر دم کریں اور سات راتوں تک عمل ختم کریں لوح کو عرق گلاب میں ڈال کر سات راتوں تک ستاروں کی روشنی میں رکھیں اور آٹھویں دن **660** روپے مسجد میں ڈال دیں یہ لوح عامل جسکو تیار کر کے دیں تو وہ بندہ **66** بار سورۃ اخلاص ہر نماز کے بعد پڑھیں اپنے مقصد کے لئے کچھ ہی دنوں میں لوح کے کرشمات اپنی آنکھوں سے دیکھے گا۔

نقش کی رفتار یہ ھے:۔

۶	۷	۲
۱	۵	۹
۸	۳	۴

لوح سورۃ اخلاص یہ ھے:۔

سامنے کی طرف

۷۸۶

محمد رسول اللہ

کھیعص

۱۱۳۷	۱۱۳۸	۱۱۳۲
۱۱۳۱	۱۱۳۶	۱۱۴۰
۱۱۳۹	۱۱۳۳	۱۱۳۵

حمعسق

کفواً احد

مقصد:۔ طارق بن حاجرہ بیگم کو ہر کام میں کامیابی ملے۔

۷۸۶

ق ل ہ و ال ل ہ ا ح د ا ح ال ل ہ ال

ص م د ل م ی ل د و ل م و ل م ی

ل ک م ی ل ک ن ل ہ ک ف و ا ا ح د ا

ط ا ر ق ب ن ح ا ج ر ہ ب ی گ م

ل ک و ہ ر ل ک ا م ی ل ک ا م ی ا ب ی

سورۃ اخلاص

م ل و بحق نصر من اللہ و فتح قریب

آمین

جو مقصد ہو اسے اسی طریقے سے لکھیں۔

مثلاً:۔ کاشف بن ریحانہ کو صحت کلی عطا ہو۔ سورۃ اخلاص وبحق ک ش ف ب ن ر ی ح ان ہ ک و ص ح ت ک ل ی ع ط ا ہ وبحق و تنزل من القرآن شفا آمین ارم بی بی بنت سلمٰی بیگم کی شادی کے اسباب پیدا ہوں۔

ارم ب ی ب ی ب ن ت س ل م ی ب ی گ م ش اد یک اس ب اب پ ی دا ہ وبحق سورۃ اخلاص وبحق یالطیفُ یاولی یاوالی آمین

مجھے یقین ہے مضمون آپ قارئین محترم کو پسند آئے گا ایک اپیل ہے مجھے اور میرے تمام گھر والوں کو اور ادارے کے تمام لوگوں کو اپنی خاص دُعاؤں میں یاد رکھیں۔

ازتحریر: سیّد قاسم علی نقوی البھاکری، سیالکوٹ

پرائز بانڈ کے متوالوں کے لئے تحفہ

حکومتی پرائز بانڈ خرید کر ملکی معیشت مضبوط بنائیں

وہ لوگ بانڈ پر انعام حاصل کریں جو واقعی ہی ضرورت مند ہیں۔ پرائز بانڈ پر انعام خدائی تحفہ ہے اور وہ جس کا ستحقاق ہے اسی کو عطا فرماتا ہے۔ اس عمل کو لالچی، ہوس پرست اور دولت ضائع کرنے والے نہ کریں۔ چونکہ یہ عمل قرآنی ہے اور رب کریم کا عطیہ ہے وہ لوگ کوشش کریں جو حاجت مند ہیں۔ ہماری دُعا ہے کہ آپ اس عمل کے ذریعہ خدا سے مانگیں وہ عطا فرمائے گا آپ کسی نقصان سے بچنے کے لئے پرچی نمبر کی بجائے پرائز بانڈ خرید کر ملک کی خدمت بھی کریں اور انعام بھی حاصل کریں۔ دوران عمل جھوٹ نہ بولیں۔ کسی کے ساتھ ظلم وزیادتی نہ کریں۔ جگہ، وقت، وردنہ بدلیں۔ ایک ہی جگہ پر عمل کریں۔ ایک مقرر کردہ ٹائم پر عمل کریں۔

ورد:۔ نام کے اعداد کے مطابق صبح بعد فجر اور شام بعد عشاء ورد کریں۔

مثال:۔ کاشان رضا

اعداد:۔ **50+1+300+1+20+1+800+200**

میزان:۔ **1373**

اوّل آخر **11-11** مرتبہ درود شریف پڑھ کر اور صدقہ ربّ کائنات کے حضور خوشنودی ربّ کے لئے حسب توفیق ادا کر کے ورد کریں۔ ورد تعداد **1873** مرتبہ۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

وَلَسَوۡفَ یُعۡطِیۡکَ رَبُّکَ فَتَرۡضٰی ؕ وَاللّٰہُ شَکُوۡرٌ حَلِیۡمٌ ۙ

(سورۃ ضُحٰی آیت نمبر **5**، سورۃ تغابن آیت نمبر **17**)

نقش مثلث بادی چال سے بنائیں۔

ضروریات نقش:۔

زعفران، ماء الورد، پاک و پاکیزہ کاغذ، نئی قلم کے ساتھ، ساعت قمر یا مشتری، حالت قران میں ہو، ساعت معلوم کرنے کے لئے زنجانی جنتری سے مدد حاصل کریں۔

اعداد آیات:۔

سورۃ ضُحٰی آیت نمبر **5**	=	**2013**
سورۃ تغابن آیت نمبر **17**	=	**671**
میزان	=	**2684**
قانون مثلث نفی **12**	=	**-12**
باقی	=	**2672**
تقسیم **3**	=	**890**

باقی کسر **2** خانہ **4** میں اضافہ

چال مثلث بادی

وَلَسَوۡفَ یُعۡطِیۡکَ رَبُّکَ فَتَرۡضٰی ؕ وَاللّٰہُ شَکُوۡرٌ حَلِیۡمٌ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

قول — یا جبرائیل — الحق

یا اسرافیل (حم عسق) — یا عزرائیل (کھیعص)

٨٩١	٨٩٧	٨٩٦
٨٩٩	٨٩٥	٨٩٠
٨٩٤	٨٩٢	٨٩٨

الملک — یا میکائیل — وله

پروردگار حامل ھذا نقش پر دولت کے دروازے کھول

وَلَسَوۡفَ یُعۡطِیۡکَ رَبُّکَ فَتَرۡضٰی ؕ وَاللّٰہُ شَکُوۡرٌ حَلِیۡمٌ

وَلَسَوۡفَ یُعۡطِیۡکَ رَبُّکَ فَتَرۡضٰی ؕ وَاللّٰہُ شَکُوۡرٌ حَلِیۡمٌ
وَلَسَوۡفَ یُعۡطِیۡکَ رَبُّکَ فَتَرۡضٰی ؕ وَاللّٰہُ شَکُوۡرٌ حَلِیۡمٌ

اللہ سے دُعا ہے کہ وہ حاجت مند کی حاجت محمدؐ وآل محمدؐ کے صدقے میں پوری فرمائے۔ آمین

خلقت میں معزز و محترم ہونا

جو لوگ خلقت میں اپنے حلقہ واقفیت میں یا اپنے رشتہ داروں میں معزز ہونا چاہئیں ہر چھوٹا بڑا اور واقف ناواقف سب کی نظروں میں اعلیٰ درجے کا وقار اور عزت حاصل ہو تو اس کو چاہئے کہ کسی سعد وقت خصوصاً زہرہ اور عطارد کی تسدیس ہو یا عطارد اوج کی حالت میں ہو یا قمر و زہرہ کی تثلیث ہو اور دونوں ستارے سعد حالتوں میں ہوں تو اس لوح یا کاغذ پر نقش تیار کریں۔ کاغذ یا چاندی پر لوح مربع آتشی چال سے یہ لوح تیار کریں۔ لوح کے بطن میں یا کاغذ پر مثلث بادی چال سے ایک نقش بنائیں۔

عمل مثال:۔

طالب عاصم رضا بن مسرت، وقت زہرہ و عطارد کی تسدیس، طالب اور کواکب کے حروف فرداً لکھیں۔ فرداً ع اص م رض اب ن مسرت زہرہ کے حروف ف ص ق رعطارد کے حروف ش ت ث خ اب دونوں سطروں کو ترفع سیعی کریں۔ ترفع سعی 7 کا مطلب حرف کا ساتواں حرف لیں۔ مثلاً ''ا'' کا ترفع سعی 7 ''ز'' ہے اب جو سطر طالب معہ والدہ اور دونوں کواکب کے حروف کی لکھی ہے اُس کو ترفع سعی 7 کریں۔ فرداً سطر کا ترفع سعی 7 ع کا ترفع سعی 7 ت = ا کا ترفع سعی 7 ز۔ ص کا ترفع سعی 7 خ = م کا ترفع سعی 7 ق۔ ر کا ترفع سعی 7 ض = ض کا ترفع سعی د۔ ا کا ترفع سعی 7 ز = م کا ترفع سعی 7 ق۔ س کا ترفع سعی 7 ش = ر کا ترفع سعی 7 ض۔ ت کا ترفع سعی 7 غ = ف کا ترفع سعی 7 ث۔ ص کا ترفع سعی 7 خ = ق کا ترفع سعی 7 ذ۔ ر کا ترفع سعی 7 ض = ش کا ترفع سعی 7 ظ۔ ت کا ترفع سعی 7 غ = ث کا ترفع سعی 7 ا۔ ح کا ترفع سعی 7 ن۔

ترفع سعی 7 کرنے کے بعد نئی سطر ''ت ز خ ق ض د ز ق ش ض غ ث خ ذ ض ظ غ ا ن۔ ترفع سعی 7 کرنے کے بعد جو نئی سطر برآمد ہوئی ہے اس کے مرکب جملے بنالیں۔ ''تزحق، ضذزق، شض غث، خذ فظ، غان''۔

اب مرکب سطر کے جملوں کو لوح یا نقش کے چاروں طرف لکھ کر حصار کھینچ دیں اوپر بسم اللہ کے اعداد 786 لکھ دیں لوح کے نیچے سورۃ توبہ کی آخری آیت بھی لکھ دیں۔ لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُولٌ مِنْ أَنْفُسِكُمْ عَزِيزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِينَ رَءُوفٌ رَحِيمٌ ۝ (سورۃ توبہ آیت نمبر 128) کے علاوہ اَللّٰهُمَّ سَخِّرْتَ جَمِيعَ خَلْقِكَ كَمَا سَخَّرْتَ لِسُلَيْمَانَ بن دائود علیہ السلام۔ عاصم رضا بن مسرت کو خلقت میں معزز و محترم سو بحق آیات قرآنی لوح ہو تو ریشمی کپڑا ابرنگ سفید میں لپیٹ کر سی لیں اور بازوئے راست پر پہن لیں کاغذ پر ہو تو دو نقش بنائیں (زعفرانی سیاہی) ایک نقش کو بازو پر باندھ لیں جبکہ دوسرے نقش کو گھر کے یا آفس کے قریب چھپا کر لٹکا دیں۔ انشاء اللہ چند دنوں میں خلقت میں مقبول نظر ہو جائیں گے۔ اور خاص قسم کی شہرت ملے گی۔ بعد نماز فجر اوّل و آخر 11-11 مرتبہ درود شریف پڑھ کر 7 مرتبہ سورۃ توبہ آیت نمبر 128 کا ورد کر کے اپنی عزت اور خلقت میں محترم ہونے کی دُعا کر کے لوح یا کاغذ کے نقش کو دم کر لیں۔ بعد از نماز عشاء اوّل و آخر 11-11 مرتبہ درود شریف پڑھ کر 11 مرتبہ یَا مُعِزُّ اَعِزِّنِي بِعِزَّتِكَ يَا عَزِيزُ کا ورد کر کے لوح یا نقش پر دم کر لیں۔ یہ ورد کا عمل ہمیشہ جاری و ساری رکھیں۔

خواب میں حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت

عمل 1:۔

* سونے سے پہلے باوضو ہو۔
* اپنے آپ کو معطر کرے۔
* ایام عمل کے دوران جھوٹ نہ بولے۔
* نہ ظلم و زیادتی کرے۔
* ہر وقت درود پاک زبان پر ہو۔
* سونے سے پہلے صدقہ دے۔

سونے سے پہلے کے اعمال:۔

* دل کے اندر حبِ آل محمدؐ رکھ کر۔
* سورہ ملک کی تلاوت کرے۔
* 4 رکعت نماز ہدیۂ جناب رسول اکرمؐ "زیارت" ادا کرے۔ ہر رکعت میں بعد سورہ حمد ایک بار آیت الکرسی ایک بار اسی طرح چار رکعت ادا کرے۔
* 1000 مرتبہ درود بر محمدؐ وآلِ محمدؐ پڑھے۔
* بعد ایک سو 100 مرتبہ یہ تسبیح پڑھے۔ عمل کے دوران مکمل تنہائی ہو۔ رو بہ قبلہ ہو۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

سُبۡحَانَ اللّٰہِ وَ الۡحَمۡدُ لِلّٰہِ وَ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَ اللّٰہُ اَکۡبَرُ وَ لَا حَوۡلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ ؕ

مکمل یقین اور یکسوئی کے ساتھ توجہ زیارت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف ہو۔ بعد درود پڑھتے پڑھتے سو جائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ زیارت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہوگی پہلے دن نہ ہو تو دوسرے دن ہوگی حتیٰ کہ 3 دن عمل میں رہیں۔ خواص اور خاص ہستیوں کی زیارت ہو تو عام لوگوں کے ساتھ ذکر نہ کریں۔

(بحوالہ در فلاح السائل، روایت حضرت امام جعفر صادقؑ)

عمل 2:۔

زیارت حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام

* چوبیس گھنٹے باوضو رہے۔
* نماز پنجگانہ ادا کرے۔
* رات دن حرام کھانا نہ کھائے۔ جھوٹ نہ بولے ظلم و زیادتی نہ کرے اور دشمنان / منافقوں، اہلِ بیتؑ محمدؐ سے بیزاری اختیار کرے۔
* رات سونے سے پہلے صدقہ ادا کرے اور دعا کرے کہ مجھے زیارت امیر المومنینؑ نصیب ہو۔ 4 رکعت نماز ادا کرے ہر قیام میں بعد سورۃ حمد کے بعد سورۃ عادیات 11 مرتبہ پڑھے۔ نماز کے بعد 1 مرتبہ پڑھے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَسۡئَلُكَ یَا مَنۡ لَہٗ لُطۡفٌ خَفِیٌّ وَ اَیَادِیۡہِ بَاسِطَۃٌ لَا تَنۡقَضِی اَسۡئَلُكَ بِلُطۡفِكَ الۡخَفِیِّ الَّذِیۡ مَا لَطُفۡتَ بِہٖ لِقَیۡلٍ اِلَّا کُفِیَ اَنۡ تُرِیَنِیۡ مُوۡلَائِ عَلِیَّ ابۡنِ اَبِیۡ طَالِبٍ عَلَیۡہِ السَّلَامُ فِیۡ مَنَامِیۡ ؕ

درود پاک پڑھتے پڑھتے سو جائیں انشاء اللہ زیارت ہوگی۔

خواص اسمائے حُسنیٰ

☆... اہل یقین کے لئے کشف حاصل کرنے کے لئے، مشکلات کے دور کرنے کے لئے، دشمن سے نجات حاصل کرنے کے لئے، ہر روز بلا ناغہ بعد نمازِ فجر کے بعد اوّل و آخر 11-11 مرتبہ درود شریف پڑھ کر اور صدقہ دے کر 100 مرتبہ ورد کریں۔ هُوَ اللّٰهُ الَّذِی لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ

☆... اگر کوئی کشف حاصل کرنا چاہے تو دو اِسمائے اعظم یَا اَللّٰهُ یَا هُوَ کا ورد 1000 ہزار مرتبہ کرے اُسے روحانی کشف حاصل ہوگا۔ لیکن بلا ناغہ کرے ایک ہی جگہ پر اور ایک ہی وقت پر۔

☆... برائے دفع دشمن بروز جمعرات سے ایک ہفتہ بلا ناغہ 146 مرتبہ حَسبِیَ اللّٰهُ کا ورد کرے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن سے نجات ملے۔

☆... برائے تسخیر خلائق ہر شخص اس پر مہربان ہو اور مطیع ہو جائے۔ حکام، امراء اس پر مہربان ہوں۔ مخلوقات کی نظروں میں صاحب عزت ہو۔ تسخیر قلوب وارواح کیلئے عظیم ورد چالیس (40) شب اسمائے اعظم یَا رَحِیمُ کا ورد کرے یہ تعداد 5500 بلا ناغہ صدقہ دے کر شروع کرے چاند کے عروج میں آغاز کرے انشاء اللہ مقصد میں کامیابی ملے گی۔ اگر روزانہ بعد نماز فجر 1000 ہزار مرتبہ اس اسم کا ورد کرے تو تسخیر قلوب وارواح حاصل ہو۔

☆... گناہوں سے دل پاک کرنے اور گمراہی سے بچنے کے لئے اگر کوئی اسم اعظم یَا رحمٰنُ کا 100 مرتبہ ورد بلا ناغہ کرے تو گناہوں سے اور گمراہی سے محفوظ ہو۔ تمام مخلوقات دوست بن جائیں اور اس پر دشمن مہربان ہوں۔ اگر کوئی شخص اس اسم اعظم کا ورد 299 مرتبہ بلا ناغہ کرے تو غیب سے روزی ملے کاروبار میں فراخی اور کشادگی حاصل ہو کاروبار میں منافع ملے۔

☆... دنیاوی پریشانیوں سے نجات ملے تمام حاجات پوری ہوں۔ اور بے چینی دور ہو۔ تو بعد نماز عصر و مغرب کے درمیان ایک ہزار ایک سو (1100) مرتبہ یَا اللّٰهُ یَا رحمٰنُ یَا رحیمُ کا ورد کرے شک نہ کرے مجرب عمل ہے۔ عمل زیر آسمان اور سر برہنہ کرے۔ عمل کی مداومت کرے کسی خاص ضرورت اور مشکل کے وقت بعد نماز جمعہ نماز عصر پڑھ کر رو بہ قبلہ ہو کر اسمائے اعظم یَا اللّٰهُ یَا رحمٰنُ کا ورد کرتا رہے۔ حتیٰ کہ سورج غروب ہو جائے تو اپنی حاجت سجدہ میں جا کر بیان کرے اور دُعا مانگے۔ انشاء اللہ حاجت روا ہوگی۔

☆... برائے حفاظت وہم وسوسہ ظاہری اور باطنی طور پر تمام پریشانیوں سے نجات ملے حضرت امام علی رضا علیہ السلام نے فرمایا کہ جب آفتاب غروب ہو رہا ہو تو 170 مرتبہ اَلْقُدُّوسُ کا ورد کرے تمام قسم کے شر اور وسوسہ شیطانی سے نجات ملے۔ اگر کوئی بیماری میں مبتلا ہو چاہے مرض بدنی ہو یا روحانی ہو نجات ملے اور بفضل تعالیٰ مکمل صحت ملے۔ روزانہ 111 مرتبہ ورد کرے اور بروز جمعہ چائے پانی پر یا نان پر دم کر کے کھائے بفضل تعالیٰ صحت کلی حاصل ہو۔ سُبّوحٌ قُدُّوسٌ رَبُّ الْمَلَائِکَتہ وَالرُّوحُ۔

اعجاز الجفر

از تحریر: فیض محمد جسکانی، پنوں عاقل (سندھ)

یہ نقش مخمس محبت کے لئے لاجواب اور مفید ہے اس کے علاوہ کسی کو حاضر کرنے کے لئے یا رشتہ کے لئے راضی کرنے کے لئے نقش مخمس مجرب ہے۔ اس کی ترتیب اس طرح ہے نقش کے پہلے خانہ میں طالب کے اعداد، 7 ویں خانہ میں طالب کی ماں کے اعداد 13 ویں خانہ میں مطلوب کے اعداد اور 19 ویں خانہ میں مطلوب کی ماں کے اعداد اور 25 ویں خانہ میں آیت مبارکہ کے اعداد لکھے جائیں گے۔

مثال:۔

طالب اسلم کے اعداد : 131

ماں زینت کے اعداد : 467

مطلوب حنا کے اعداد : 59

ماں پروین کے اعداد : 268

آیت کے اعدا : 2123

میزان : 3048

اس نقش کے لئے مؤکل یہ تیار ہوئے چاروں کونوں کے مؤکل یہ ہوئے قلائیل، تسزائیل، مظائیل، رسحائیل اور پورے نقش یعنی میزان کے اعداد کا مؤکل یہ ہے جخمحائیل۔ یہ مؤکل عزیمت تیار کر کے پڑھنا اور لکھنا ہے۔ یہ نقش تین تیار کر کے استعمال کریں ایک طالب بازو میں باندھے دوسرا میوہ دار درخت میں باندھیں تیسرا مطلوب کی طبع موافق استعمال کریں۔ انشاء اللہ العزیز جلد مطلب حاصل ہوگا۔ غلط استعمال نہ کریں ورنہ سخت رجعت ہوگی۔

چال نقش:۔

۷	۲۳	۱۴	۲۰	۱
۱۵	۱۶	۲	۸	۲۴
۳	۹	۲۵	۱۱	۱۷
۲۱	۱۲	۱۸	۴	۱۰
۱۹	۵	۶	۲۲	۱۳

نقش یہ ھے:۔

۷۸۶

۶۷۴	۲۱۲۱	۶۰	۲۶۹	۱۳۱
۶۱	۲۶۵	۱۳۲	۶۸۴	۲۱۲۲
۱۳۳	۴۶۹	۲۱۲۳	۵۷	۲۶۶
۲۱۱۹	۵۸	۲۶۷	۱۳۴	۴۷۰
۲۶۸	۱۳۵	۴۶۶	۲۱۲۰	۵۹

یہ ایک ایسا نقش ہے جسے یا جس پر جتنی بحث ہو کم ہے یہ نقش کل تعویذات کا سرتاج ہے جس گھر یا گاڑی میں یہ نقش ہو گا وہ گھر یا گاڑی ہر قسم کی آفات سے محفوظ رہے۔ اس کے علاوہ یہ نقش خاص طور پر مستورات اور بچوں کی بیماریوں کے علاوہ فالج، یرقان، ذیابیطس، بلڈ پریشر، دل کا دورہ، جنات، نظر بد، فتح و نصرت، رجوع خلق، جاہ وزبان حالات کے کنٹرول میں لانے، روزی، تعلیم، مرگی اور میرا ایمان ہے کہ ہر چیز کے لئے فائدہ مند ہے اور اس میں کوئی شک نہیں کہ تعویذ جس کو باندھا ہو گا اس پر پنجتن پاکؑ کا سایہ ہو گا اور وہ کبھی کسی دکھ یا موذی کسی مرض میں مبتلا نہیں ہو گا۔ اور اس کا بخت بلند ہوتا اور تخت و تاج بھی ہمیشہ کے لئے سلامت رہتا ہے۔ مگر اس کے لئے ایک شرط یہ ہے کہ عامل نے پنجتن پاک کے ناموں کا عمل کیا ہو اور اسے خواب میں یا بظاہر اس نقش کے لکھنے کا اوپر سے شرف عطا ہوا ہو۔

م م م م م م ۷۸۶ م م م م م

۱۴۸	۱۴۵	۱۳۸	۱۵۲
۱۳۹	۱۵۱	۱۴۹	۱۴۴
۱۵۴	۱۴۰	۱۴۳	۱۴۶
۱۴۲	۱۴۷	۱۵۳	۱۴۱

م م م م م م م م م م م م

علی علیہ السلام، فاطمہ علیہا السلام، حسن علیہ السلام، حسین علیہ السلام

اور دیگر اس نقش لکھنے سے پہلے عامل کو اس بندے کے برج ستارے کی معلومات ہو اور پھر یہ بھی دیکھے کہ سورج ثابت بروج میں ہو قمری ماہ یا پہلی ماہ نوچندی میں مشتری ساعت میں اگر یہ تعویذ لکھا جائے تو ہر مقصد میں تیر بہدف یہ نقش کام کریگا۔

لوح یہ ھے:-

۷۸۶

۸	٦	۱۴	۲
۲	۱۴	٦	۸
٦	۸	۲	۱۴
۱۴	۲	۸	٦

جنات کی ایسی مخلوق ہے جو کہ وہ انسان کے قریب ہی ہے اور نہ صرف اتنا بلکہ اس کی انسان کو پکڑ دھکڑ جاری رہتی ہے۔ جب یہ خناس جنات جب انسان کو پکڑتا ہے تو اس کو مکمل اپنے شکنجے میں پھنسا کر اس پر شہنشاہی چلانے کی کوشش کرتا ہے۔ اس کے بندے کو قابو میں لانے کی وجوہات کچھ ذیل میں دیکھی جا سکتی ہیں۔ ویسے تو یہ مخلوق ہر طریقے سے بندوں کو ڈراتی ہے مگر تین طریقوں سے بندوں کو پکڑتی ہے۔ ایک طریقہ تو یہ ہے کہ ان کے بچے بے خبری میں کسی کے پاؤں تلے دب کر مر جاتے ہیں۔ دوسرا طریقہ اگر بندہ کسی ایسی خالی جگہ پہ جا کر رہائش پذیر ہو جو کہ عرصہ دراز سے خالی پڑی ہو اور تیسرا طریقہ یہ ہے کہ بندہ خوبصورت ہو تو جنات اس کی صورت پر عاشق ہو کر اسے پکڑ لیتے ہیں۔ اور کبھی نہیں چھوڑتے۔ پکڑنے سے پہلے وہ کسی بھی بندے کو کتے، سانپ اور بلی کی صورت میں یا کسی بھی ایک صورت میں دکھائی دے کر گم ہو جاتے ہیں اور اس ہی وقت میں بندے کو بخار ہو جاتا ہے۔ اور اس بندے کا نس نس یا بال بال درد سے بھرپور ہو جاتا ہے۔ اوپر دیا ہوا نقش رب کے اسمِ اعظم "بدوح" کا ہے جو کہ سات رنگ کی تختیوں میں عامل کے پاس لکھ کر رکھا ہوتا ہے۔

اس کے علاوہ 25 دسکایہ فٹ کا ایک موٹا کالا دھاگا کڑے کا عامل کے پاس ایڈوانس میں بنا کر رکھا ہوتا ہے۔ یاد رہے کہ کڑے کا بھی عمل ہوتا ہے اور اس نقش کی بھی زکوٰۃ ہوتی ہے۔ اور پھر مریض جس پر جنات کی حرکت ہے اس کا

سارہ نکال کر اس رنگت میں تحریر کی ہوئی پٹی اس کے بائیں ہاتھ میں دے کر مسلسل اس کو اس نقش میں نظر جما کر رکھنے کی ہدایت کریں اس سے پہلے عامل و مریض کو ایک اور مضبوط بندے کے ساتھ کڑے کے اندر بیٹھنا پڑتا ہے۔ اور پھر عامل مریض کی دائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی پکڑ کر بغیر گنتی کے مسلسل سورۃ یٰسین پڑھتا جائے تو ایسے میں وہ جنات جس نے مریض کو پکڑا ہے حاضر ہو جائے گا اور پھر عامل حالات کو دیکھ کر اس سے بندے کو چھوڑ جانے یا چار پانچ سال کیلئے چھوڑ جانے کا وعدہ لے لیکن اس میں ایک شرط اور بھی ہے کہ عالم کو سورۃ یٰسین یاد ہو اور اس پر عمل کیا ہوا ہو ورنہ یہ سب کوشش بے سود جائے گی۔

تعویذات برائے محبت زن و شوہر

سب تعریفیں میرے رب کے لئے ہیں جو سب کا مالک و مہربان ہے اور جس کے حوالے سب کی جان ہے۔ اما بعد علم و عمل کے لئے ایک کہاوت ہے کہ علم کے بغیر عمل بیکار اور عمل کے بغیر علم بیکار ہوتا ہے۔ خواہ شوہر یا زن کتنا بھی ناراض کیوں نہ ہو اور بات طلاق تک کیوں نہ پہنچی ہو۔

نوٹ:۔ یہ نقوش ساعتِ زہرہ یا شرفِ زہرہ ماہِ اپریل میں لکھ کر پلائے تو تیر بہدف کام کرے۔

۷۸۶

۸۳۴	۸۳۱	۸۲۳	۸۳۷
۸۲۴	۸۳۶	۸۳۵	۸۳۰
۸۳۹	۸۲۵	۸۲۹	۸۳۲
۸۲۸	۸۳۳	۸۳۸	۸۲۶

۷۸۶

۵۱۴	۵۱۱	۵۰۴	۵۱۷
۵۰۵	۵۱۶	۵۱۵	۵۱۰
۵۱۹	۵۰۶	۵۰۹	۵۱۲
۵۰۸	۵۱۳	۵۱۸	۵۰۷

۷۸۶

۷۵۹	۷۵۶	۷۴۸	۷۶۲
۷۴۹	۷۶۱	۷۶۰	۷۵۵
۷۶۴	۷۵۰	۷۵۴	۷۵۷
۷۵۳	۷۵۸	۷۶۳	۷۵۱

۷۸۶

۴۷۸	۴۷۵	۴۶۷	۴۸۱
۴۶۸	۴۸۰	۴۷۹	۴۷۴
۴۸۳	۴۶۹	۴۷۳	۴۷۶
۴۷۲	۴۷۷	۴۸۲	۴۷۰

اگر خدانہ کرے کہ کسی کا مال وزر یا کوئی اور چیز چوری یا غائب ہو گیا ہو یا کہیں کھو گیا وہ تو چور جن کے اوپر چوری کے مال کا شک ہو تو دیئے گئے نقش سے تین نقش بنائے ایک نقش جس کا مال چوری ہوا ہو وہ اپنے سرہانے کے اندر سر کے نیچے رکھے دوسرا نقش کسی بھاری وزن کے نیچے رکھے اور تیسرا نقش کسی چرخے میں باندھ لے اور خود پندرہ روز تک سورۃ یٰسین کم سے کم **313** مرتبہ پڑھے تو انشاء اللہ چوری کی ہوئی چیز واپس مل جائے گی یا خواب میں اس چیز کا صحیح پتا مل جائے گا۔ اس کے علاوہ دیگر اگر کسی کا کوئی بھی بندہ گھر سے روٹھ کر کسی نامعلوم جگہ جا رچھپا ہو اور اس کا پتا نہیں چل رہا ہو تو ایک ماہ سے پہلے ہی وہ بندہ گھر آجائے گا ورنہ اس کا پتہ کہیں سے لگ جائے گا۔

	۹	۱۲	۱۶	۲
	۱۵	۳	۸	۱۳
غائب چور	۴	۱۸	۱۰	۷
زرومال	۱۱	۶	۵	۱۷
مھمھ	عد عد			

تکمیل حاجات

از تحریر: قیصر احمد بی۔اے، کراچی

یا رب تری رحمت سے مایوس نہیں فانی
لیکن تری رحمت کی تاخیر کو کیا کہیے

رزق کی فراخی، روزی کی کشادگی، مشکلات کی مشکل کشائی، ضرورت مندوں کی حاجت روائی مدعائے دل کی برآری نان شبینہ کی محتاجگی دور ہو۔

دینی و دنیوی ضرورت کیلئے بعض مواقع ایسے پیش آجاتے ہیں کہ جن میں انسان نہایت حیران اور پریشان رہا کرتا ہے اور دن رات یہی جستجو رہتی ہے کہ کسی طرح مشکلات کی مشکل کشائی ہوجائے اور مقاصد دلی جلد بر آئیں۔

سینکڑوں ارمان ہیں سینے میں لاکھوں حسرتیں
ہاتھ ہی جب خالی ہو اپنا تو آخر کیا کریں

فقیروں اور درویشوں سے حاجت روائی کا طالب ہوتا ہے۔لیکن وہاں اظہار حال کرتا شرماتا ہے۔اور اپنا دلی راز بیان نہیں کرسکتا اس لئے یہ خاکسار ان حل مشکلات کو ظاہر کرتا ہے جن سے قلبی تمنائیں جلد بر آئیں اور کیسی ہی مشکلات ہوں وہ درگاہ خداوندی سے جلد حل ہو جائیں۔ یاد رکھیں انسان کو فقیروں اور درویشوں اور اللہ والوں سے حاجت روائی کا طالب نہ ہونا چاہئے بلکہ اللہ تعالیٰ سے مانگنا چاہئے۔ اللہ تعالیٰ مانگنے والوں کو پسند فرماتا ہے۔سورۃ یونس میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے وَقَالَ مُوسَى يَا قَوْمِ إِنْ كُنْتُمْ آمَنْتُمْ بِاللَّهِ فَعَلَيْهِ تَوَكَّلُوا إِنْ كُنْتُمْ مُسْلِمِينَ ۝ (سورۃ یونس 84)

اور موسیٰ علیہ السلام نے کہا: اے میری قوم! اگر تم اللہ پر ایمان رکھتے ہو تو اُسی پر توکل کرو اگر تم مسلمان ہو۔اس کے علاوہ فَاذْكُرُونِي أَذْكُرْكُمْ ۝ (سورۃ بقرہ 152) تو تم مجھے یاد کرو میں بھی تمہیں یاد کروں گا۔اس کے علاوہ اللہ تعالیٰ (سورۃ والضحیٰ آیت 5 سپارہ 30) میں فرماتے ہیں وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضَى ۝ اور عنقریب آپ کو آپ کا رب عطا کریگا پس آپ راضی ہو جائیں گے۔اور وارد ہے ''یقین جانو کہ اللہ کو چھوڑ کر جن جن کی تم عبادت کرتے ہو وہ تمہیں رزق دینے کا کوئی اختیار نہیں رکھتے اس لئے رزق اللہ کے پاس تلاش کرو اور اس کی عبادت کرو۔'' (العنکبوت 17) اس کے علاوہ اللہ تعالیٰ مانگنے والوں سے خوش ہوتا ہے۔کون کہتا ہے دُعا قبول نہیں ہوتی اور اللہ تعالیٰ اپنے مانگنے والوں کو مایوس نہیں کرتا مگر یاد رکھیں مانگنے کا طریقہ آنا چاہئے اللہ تعالیٰ سے صدق دل اور گڑ گڑا کر مانگیں آپ کی آنکھیں پُرنم ہو جائیں اور اس طریقہ سے مانگیں جیسے معصوم بچہ اپنی ماں سے ضد کر کے کوئی چیز طلب کرتا ہے ایڑیاں رگڑتا ہے روتا ہے ضد کرتا ہے کہ مجھے یہ چیز چاہئے آخر کار ماں تنگ آ کر اس کی ضد پوری کر دیتی ہے یاد رکھیں قاعدہ سے کوئی بھی کام کرو گے فائدہ میں رہو گے دُعا مانگنے اور اللہ تعالیٰ سے حاجت طلب کرنیکا بھی طریقہ آنا چاہئے۔

دُعا مانگنے کے بھی آداب ہوا کرتے ہیں
اللہ کے دینے کے بھی اسباب ہوا کرتے ہیں

حصولِ مراد کیلئے:۔آدھی رات کو قبلہ رو ہو کر آیت الکرسی شریف ایک سو ستر (170) بار یا مقدار اس کے حروف کے پڑھنا مفید ہے اور تین سو تیرہ مرتبہ پڑھ کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے وسیلہ سے دُعا کرے حاجت پوری ہوگی۔ آفتاب کے نکلتے ہی اس کی طرف منہ کر کے تین سو دفعہ پڑھے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ اَغِثْنَا یا رسو الثقلین انت حق منیب اللہ۔

پڑھتے وقت یہ خیال ذہن نشین رکھے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے روضہ مبارک پر حاضر ہو کر اللہ سے روزی طلب کر رہا ہوں۔

کوئی شخص روزی سے اس قدر پریشان ہو کہ روٹی بھی میسر نہ آتی ہو تو مغرب یا عشاء کی نماز کے بعد مع بسم اللہ الحمد شریف ایک مرتبہ اور سورۃ الم نشرح تین مرتبہ اور سورۃ انا انزلنا اکتالیس مرتبہ اور سورۃ واقعہ ایک مرتبہ پڑھ لیا

کرے اللہ تعالیٰ اس کیلئے غیب سے روزی عطا فرمائے گا جس کسی نے چالیس دن پڑھا ہے مالا مال ہوگیا ہے۔

برائے دست غیب: ۔اگر کوئی مفلس ولاچار ہو اس وقت یہ عمل شریف پڑھے انشاء اللہ خزانہ خداوندی سے اس کا روزینہ مقرر ہوگا۔

ترکیب: ۔بعد نماز عشاء ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھیں۔

عمل یہ ھے: ۔اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَ بَارِكْ وَسَلَّمْ ۝ یَااَللّٰہُ یَارَحْمٰنُ یَارَحِیْمُ یَافَتَّاحُ یَاوَھَابُ یَابَاسِطُ یَارَزَّاقُ یَاغَنِیُّ یَامُغْنِی یَامُعْطِی یَامُنْعِمُ ۝ 111 مرتبہ پڑھیں۔ بعدہٗ یہ دُعا ایک سو گیارہ بار پڑھ کر سوجائے دُعا یہ ہے:۔ خالق عالم میں بندہ محتاج ہوں تو میرا پروردگار ہے دو ہزار روپیہ میرا خرچ ہے یہ مجھ کو اپنے خزانہ غیب عطا فرما انشاء اللہ حسب اطاعت خرچ غیب سے ملا کریگا۔ حدیث شریف میں وارد ہے کہ جو شخص عسرت اور تنگدستی سے زندگی بسر کرتا ہو اور وہ مالدار وتونگر ہونا چاہتا ہو تو جمعرات کے دن بعد نماز عصر آفتاب کے زرد ہونے سے پہلے اپنے ناخن تراشا کرے اللہ جلدی سے غنی کردیتا ہے۔ یَارَزَّاقُ ہر نماز کے بعد تین سو انیس مرتبہ برابر بعد نماز صبح یا بعد نماز عشاء پڑھا کرے تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے رزق کے دروازے کھل جاتے ہیں۔ نان شبینہ کی محتاجگی دور ہوجاتی ہے۔

حل المشکلات: ۔طریقہ نماز تہجد کا چار رکعت سے بارہ رکعت ہے اول چاند رات سے شروع کرے یعنی اس طریقہ سے پڑھے کہ پہلی رکعت میں بعد الحمد کی سورۃ کے ایک مرتبہ قل ھو اللہ دوسری رکعت میں دو مرتبہ تیسری میں تین مرتبہ چوتھی میں چار بار غرضیکہ اسی طرح ہر رکعت میں ایک ایک مرتبہ یہاں تک کہ بارھویں رکعت میں بارہ مرتبہ قل ھو اللہ شریف کی سورۃ پڑھے۔ اور جب چاند کا زوال ہو یعنی چاند گھٹنے لگے سولھویں رات سے ایک مرتبہ قل ھو اللہ ہر ایک رات گھٹاتا جائے جیسے ایک ایک سورۃ ہر رات جیسے چاند کی راتیں بڑھتی ہیں ہر ایک رات سورۃ بڑھا کر پڑھا کرے دلی مراد برآئے۔ فکر وغم مبدل ہوجائے تہجد کی نماز کا عادی ہوگیا ہے تو اسی طرح ہمیشہ پڑھا کرے کچھ عرصہ بعد دیکھے گا کہ دینوی ودنیاوی حاجتیں پوری ہوتی نظر آرہی ہیں اور مدارج کی ترقی نظر آتی ہے۔ بعد نماز تہجد گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف اوّل وآخر پڑھے اور ان کے درمیان پانچ سو مرتبہ یہ اسم پاک پڑھے بہت جلد دلی مراد برآئے گی معہ بسم اللہ درود شریف یہ ہے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ سیدنا محمد و آلِ سیّدنا محمد بعدد کل ذرۃ بعدد کل ذرۃ مالف الف مرہ 500 بار یہ اسم پاک پڑھو یا شیخ عبدالقادر جیلانی شیئاً للہ ۝

حل المشکلات 2: ۔حضرت شیخ مغربی نے فرمایا اور ہزاروں بزرگوں نے آزمایا ہے کہ کسی کی حاجت پوری نہ ہوئی ہو اور وہ بہت پریشان حال ہو تو کوئی سا درود شریف گیارہ گیارہ بار اوّل وآخر پڑھ کر سورۃ قل ھو اللہ ایک ہزار دو مرتبہ ایک رات میں پڑھے چندروز میں اس کی دلی مراد برآئے۔

حل المشکلات 3: ۔تمام مہمات وآفات دور ہوتی ہیں۔ اوّل وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر دو سو مرتبہ آیت الکرسی بعد نماز عشاء پڑھا کرے۔

حل المشکلات 4: ۔حضرت شاہ ولی اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ معروف بغدادی صاحب 55 سال ہوئے کہ اس وقت دہلی میں مقیم حضرت سلطان جی تھے فرماتے تھے کہ بعد نماز صبح ومغرب معہ بسم اللہ اس کو پڑھے اس کی کل حاجتیں پوری ہوتی ہیں۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ۝

حل المشکلات 5: ۔پھکراج کا نگینہ چاندی کی انگوٹھی میں نصب کروا کر انگلی میں پہنے اس کی تمام حاجتیں حل ہوتی ہیں بحکم اللہ تعالیٰ۔

تکمیل حاجات کا مجرب المجرب عمل

جس کو بھی بتایا اللہ تبارک تعالیٰ نے اس کی غیبی مدد کرکے اس کی ہر حاجت پوری کردی کبھی مایوسی نہ ہوئی شرط یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ سے عاجزی وانکساری و خلوص دل سے دُعا مانگے کسی نہ کسی طرح مشکلات کی مشکل کشائی ہوجائے گی اور تکمیل حاجت اور مقاصد دلی جلد برآئیں گے۔ یَابَاسِطُ 101 بار یَافَتَّاحُ 101 بار سورۃ الم نشرح 101 بار اور یہ عزیمت 101 بار پڑھیں اللہ تعالیٰ فضل وکرم کریگا۔ اوّل وآخر گیارہ گیارہ بار درود ابراہیمؑ پڑھیں۔ اور یہ عزیمت یَا رَبِّ موسیٰ یا رَبِّ کلیم میری مشکل دور فرما بِحَقِّ بسم اللہ الرَّحمٰن الرَّحیم وَبِحَقِّ یاحکیم ۝

وَمَا عَلَیْنَا اِلَّا الْبَلَاغُ الْمُبِیْن

اپریل 2019ء کیلئے پرائز بانڈز خریدنے کی تواریخ بمعہ اوقات

1	3
9	6

تاریخ: 01-04-2019
دن: پیر
شہر: راولپنڈی
مالیت بانڈ: -/15,000

6	1
3	9

تاریخ: 15-04-2019
دن: پیر
شہر: لاہور
مالیت بانڈ: -/750

اپریل 2019ء کے لئے پرائز بانڈز خریدنے کی لکی تواریخ بمعہ اوقات

نمبر شمار	تاریخ	نیک وقت خریداری
1	01 اپریل	10 بجکر 15 منٹ سے لے کر 11 بجکر 15 منٹ تک
2	10 اپریل	12 بجکر 00 منٹ سے لے کر 13 بجکر 00 منٹ تک
3	21 اپریل	14 بجکر 15 منٹ سے لے کر 14 بجکر 45 منٹ تک
4	23 اپریل	18 بجکر 00 منٹ سے لے کر 18 بجکر 50 منٹ تک
5	29 اپریل	11 بجکر 10 منٹ سے لے کر 12 بجکر 00 منٹ تک

نوٹ: یہ اوقات پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم کے مطابق دیے جا رہے ہیں۔

	0	1	2	3	4	5	6	7	8	9	ممکنہ ٹنڈولے	
0		01	02		04			07	08		021	078
1				13	14		16	17			143	176
2	20					25			28	29	250	289
3		31		33	34		36	37		39	334	397
4		41		43			46			49	431	496
5			52		54			57	58		542	587
6		61		63	64			67		69	634	697
7		71		73			76			79	731	769
8	80		82			85			88		820	885
9		91		93	94		96	97		99	934	979

تاریخ: 01-04-2019
دن: پیر
شہر: راولپنڈی
مالیت بانڈ: -/15,000

13	43	94	96
16	34	63	19

تاریخ: 15-04-2019
دن: پیر
شہر: لاہور
مالیت بانڈ: -/750

16	13	69	39
37	31	19	76

1 / 9 (4) 3 / 6

6 / 3 (7) 1 / 9

تاریخ: 01-04-2019	تاریخ: 15-04-2019
دن: پیر	دن: پیر
شہر: راولپنڈی	شہر: لاہور
مالیت بانڈ: -/15,000	مالیت بانڈ: -/750
830217	742189
83 | 31	98 | 87
27 | 07	42 | 18

از تحریر: ارشد صدیقی، میاں چنوں

3245-3249		
324	9 | 4	32
329	2	37
377	3 | 8	69
695		78
784		
3291-3295		

3178-3778		
317	3 | 4	31
377	8	37
695	7 | 9	69
789		78
899		89
6954-7845		

F	4980	4408
اوپن F	3-9-0-4-7	
کلوز F	1-0-9-6	
سینٹر F	2-3-8-9	
تعلق F	4-0-3	
S	9480	4208

F	S
49	94
44	64
46	42
24	19

F	4509	6103
اوپن F	4-5-9-8	
کلوز F	1-7-5-4	
سینٹر F	0-4-7-1	
تعلق F	4-9	
S	4590	7298

F	S
14	33
16	91
96	94

از تحریر: نذیر احمد قادری
سبی

راولپنڈی	مالیت بانڈ: -/15,000	تاریخ: 01-04-2019				
90	71	62	48	17	09	(بونس) 9148

لاہور	مالیت بانڈ: -/750	تاریخ: 15-04-2019				
91	82	59	31	24	13	(بونس) 8941

راولپنڈی، تاریخ: 01-04-2019	184/621 =682
مالیت بانڈ: -/15,000	391/598 =591
لاہور، تاریخ: 15-04-2019	621/921 =162
مالیت بانڈ: -/750	542/821 =852

لکی نمبرز

ہماری دعا ہے کہ آپ ان لکی نمبرز سے فیض یاب ہوں۔ کسی نقصان سے بچنے کے لیے پرچی نمبر کی بجائے پرائز بانڈز کی خرید پر توجہ دیں۔
ماہرین علم الاعداد کی تمام تر ذہانت آپ کے لیے وقف ہے۔ (ادارہ)

astrology April

آپکا ماہِ اپریل 2019ء کیسا رہے گا ؟

خصوصی عزیمت رجعت ونحوست سیارگان

يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ يَا حَيُّ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا حَافِظُ يَا نَاصِرُ يَا مُعِيْنُ يَا شَافِيُ يَا كَافِيُ يَا قَادِرُ يَا كَرِيْمُ بِحَقِّ كٓهٰيٰعٓصٓ بِحَقِّ حٰمٓعٓسٓقٓ بِحَقِّ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ اَحْفِظْنِيْ مِنَ النَّحُوْسَتِ الشَّمْسُ وَالْقَمَرِ وَالْمُشْتَرِي وَالزُّحَلِ وَالزُّهْرَهِ وَالْعَطَارِدِ وَالْمَرِيْخِ وَالرَّاسِ وَالذَّنَبِ بِحَقِّ يَا اَللّٰهُ يَا اَحَدُ يَا صَمَدُ يَا لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ٥ اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ کوئی سا بھی درود شریف پڑھ لیں۔ بچوں کیلئے والدین بھی پڑھ سکتے ہیں۔ اگر آپ مندرجہ بالا عزیمت کو صرف **9** بار روزانہ پڑھنا اپنا معمول بنالیں تو پھر کسی سیارے کی نحوست آپکے قریب نہ آئیگی۔ میری طرف سے آپکو اس عمل کی عام اجازت ہے۔ **دعاگو عامل شاہ زنجانی**

جن قارئین کو اپنی صحیح تاریخ پیدائش یاد نہیں وہ برج دوطرح سے معلوم کرسکتے ہیں۔ ایک نام کے پہلے حرف سے اور دوسرا حروف ابجد سے۔ پھر تحقیق کریں کہ برج کا احوال ان پر صحیح بیٹھتا ہے۔

پہلا طریقہ آپکے نام نامی میں جو پہلا حرف ہے اسی سے برج بنتا ہے۔ ذیل میں دیئے گئے بارہ بروج میں سے اپنے نام کا پہلا حرف تلاش کر کے پہلے برج معلوم کریں پھر اسی برج کے تحت نیک وبدحالات ملاحظہ فرمائیں۔ ساتھ ہی اپنا ستارہ اور برج معلوم کر کے ادارہ آئینہ قسمت سے مفت مشورہ بذریعہ کوپن لے کر نگینہ پہنیں۔

دوسرا طریقہ اگر خدانخواستہ نام برج سے آپ کے حالات درست نہ آتے ہوں تو اس طریقہ سے اپنے نام کا برج معلوم کریں۔ اپنا مکمل نام اور اپنی والدہ کے نام کے حروف ابجد قمری سے اعداد نکالیں اور ان کو بارہ پر تقسیم کریں۔ اگر باقی **1** بچے تو برج حمل ہے۔ اگر **2** باقی بچے تو ثور۔ **3** بچے تو جوزا۔ **4** بچے تو سرطان۔ **5** بچے اسد۔ **6** بچے تو سنبلہ۔ **7** بچے تو میزان۔ **8** بچے تو عقرب۔ **9** بچے تو قوس۔ **10** بچے تو جدی۔ **11** بچے تو دلو اور اگر **0** باقی بچے تو برج حوت ہوگا۔

نوٹ صحیح تاریخ پیدائش معلوم ہو تو ان قواعد کو نظرانداز کر دیں۔

حروف ابجد قمری

ا	ب	ج	د	ہ	و	ز	ح	ط	ی
1	2	3	4	5	6	7	8	9	10
ک	ل	م	ن	س	ع	ف	ص	ق	ر
20	30	40	50	60	70	80	90	100	200
ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ		
300	400	500	600	700	800	900	1000		

ARIES

حمل 21Marc 20April

ستارہ: مریخ
حروف: ا، ل، ع
دن: منگل
عدد: 9
رنگ: سرخ یا قرمزی
پتھر: یاقوت، مرجان، سرخ عقیق، ہیرا

Element: Fire
RulingPlanet: Mars
Symbol: The Ram
YourStone: Ruby
LifePursuit: The thrill of the moment.
SecretDesire: To lead the way for others.

آپکا حاکم ستارہ مریخ تمام ماہ تیسرے رہتے ہوئے اندرون ملک متعدد سفر وسیلہ ظفر ثابت ہوں جبکہ عزیز واقارب سے تجدید مراسم کیلئے کئے گئے سفر خاص فوائد کے حامل رہیں۔ وتد السماء کا حاکم زحل ذاتی گھر حالتِ عروج میں رہے تو کیریئر کو آگے بڑھانے کے مواقع مل سکیں۔ **13,12** اپریل زہرہ زحل تسدیس سے فرض شناسی ایمانداری سے عزت بڑھے جبکہ حالات کے مطابق مستحکم فیصلے کرسکیں۔ **15,14** اپریل شمس مشتری تثلیث سے حالات سے بڑھکر دکھنا اور بیان کرنے سے گریز کریں۔ حقیقت پسندی فائدہ مند، خود اعتمادی میں زیادتی۔ حالات میں کامیابی کیلئے رسک لے سکیں۔ **28,27** اپریل مریخ نیپچون تربیع کے باعث صحتِ جسمانی متاثر، احتیاط برتیں معالج سے مشورہ ضروری جبکہ خوراک کا خاص خیال کریں۔

پہلا ہفتہ: خوشیاں نصیب ہوں۔ رومانوی ماحول سازگار رہوگا۔ ملازمت کے خواہشمند افراد کی ملازمت کے حصول کے لیے کوششیں کامیاب ہوں گی۔ کاروباری پوزیشن مستحکم رہے۔ افرادِ خانہ کے ساتھ سیر وتفریح سے لطف اندوز ہوسکیں گے۔ بعض افراد کا رفاہی امور میں منافع کا رجحان رہے گا۔ بچوں کی طرف سے خوشی نصیب ہوں۔ تعلیمی کیریئر میں اضافہ ہوگا۔

دوسرا ہفتہ: کاروباری معاملات میں کی گئی کوششیں کامیاب ہوسکیں گی۔ نجی امور میں کامیابی ہوگی۔ ماتحت عملہ سے محتاط رہیں۔ نئے معاہدے عمل میں آسکیں۔ شریک کار کے ساتھ بھی افہام وتفہیم پیدا ہوگی۔ سماجی کام کے سلسلے میں پروگرام بنائیں گے۔ دوست احباب کا تعاون حاصل ہو۔ مالی امور میں دلچسپی بڑھے گی۔ کاروباری کاموں میں مصروف رہ سکیں۔

تیسرا ہفتہ: کسی چھوٹے سفر کا امکان ہے۔ تقریب میں شرکت کا موقع ملے گا۔ جہاں کسی اہم شخصیت سے ملاقات ممکن ہو جو فائدہ مند رہے۔ بعض پرانے دوستوں سے ملاقات کا بھی امکان ہے۔ صحت کا خیال رکھیں۔ اگر آپ دورانِ ملازمت ماضی والی غلطیاں نہ دہرائیں تو آپ کی مایوسیاں کامیابیوں میں بدل جائیں گی اور نئی ملازمت کا حصول ممکن ہوسکے۔ مالی پوزیشن بہتر ہوگی۔

چوتھا ہفتہ: آپ کی حیثیت اور منصب میں اضافہ ہوگا۔ کوئی اہم فیصلہ کرسکیں۔ نئے کاروباری معاہدے کرتے وقت محتاط رہیں۔ شریک کار کا تعاون حاصل رہے گا۔ آپ کی حیثیت وشخصیت میں اضافہ ہو۔ کسی اہم تقریب میں حصہ لینے کا امکان۔ مالی امور پر بھرپور توجہ دیں۔ شریک حیات کی صحت کا خیال رکھیں۔ رفاہی کاموں میں حصہ لے سکیں گے۔ کسی نئے فرد سے ملاقات کا امکان ہے جو کہ آپ کے لیے مددگار ثابت ہوگا۔ کسی خوشخبری کے سننے کا بھی امکان ہے۔ کاروباری امور میں کامیابی حاصل ہو۔ آپ اپنے خیالات کو حتمی شکل دے سکیں گے۔

سعد تواریخ: 28,18,14,4 اپریل **نحس تواریخ:** یکم,9,16,22,30 اپریل

TAURUS

ثور 21April 21May

ستارہ: زہرہ ♀
حروف: ب۔و
دن: جمعہ
عدد: 6
رنگ: ہلکا نیلا یا سبز
پتھر: اوپل، سبز پکھراج

Element: Earth
RulingPlanet: Venus
Symbol: The Bull
YourStone: Emerald
LifePursuit: Emotional and financial security.
SecretDesire: To have a secure, happy and wealthy life/ marriage.

آپکا حاکم ستارہ زہرہ یکم تا **20** اپریل گیارہویں رہتے ہوئے حلقہ احباب میں وسعت، دیرینہ خواہشات کی تکمیل ممکنات میں سے ہو۔ **21 تا 30** اپریل زہرہ بارہویں رہتے ہوئے اخراجات میں پلاننگ کی ضرورت جبکہ حاسدین اپنے بد ارادوں میں زیر ہوسکیں۔ **11,10** اپریل زہرہ نیپچون قران سے عشق ومحبت کے اُمور حساس جبکہ مثبت ومستحکم فیصلے عمل میں آسکیں۔ **13,12** اپریل زہرہ زحل تسدیس سے حالات کی مکمل تصویر کشی کرتے ہوئے مثبت فیصلے کرنے کی صلاحیت اور اہم کاروباری معاملات کی ادائیگی ممکنات میں سے رہے۔ **16,15** اپریل زہرہ پلوٹو تسدیس سے ذاتی مقاصد کے حصول کیلئے مشترکہ مفادات کے کاموں میں حصہ لے سکیں۔ دوسروں سے معاملات کی ادائیگی میں احتیاط برتیں تو فائدہ ہوسکے۔ **17,16** اپریل زہرہ مشتری تربیع کے باعث حالات میں ڈرامائی صورتحال سے کنفیوژ نہ ہوا اور صبر وتحمل سے کام لیں۔

پہلا ہفتہ: اخراجات میں اضافہ ہو۔ اس سلسلے میں احتیاط کی ضرورت ہوگی۔ بعض خواہشات کی تکمیل ممکن ہوسکے گی۔ مایوس کن حالات پر قابو پالیں گے۔ بعض ناکامیاں کامیابیوں میں بدل جائیں گی۔ کاروباری پوزیشن مستحکم رہے۔ شریک کار کے ساتھ اختلاف رائے کا اندیشہ، لہٰذا شریک کار کی آراء پر غور ضرور کرلیا کریں۔ گھریلو حالات خوشگوار رہیں۔ شریک حیات کا تعاون حاصل ہوگا۔

دوسرا ہفتہ: کاروباری امور مصروفیات میں اضافہ ہو۔ آپ اپنی سماجی اور رومانوی خواہشات کی تکمیل میں کوشاں رہیں گے۔ لین دین کے معاملات طے کرنا سودمند ثابت ہوں۔ کاروباری امور میں کامیابی حاصل کرسکیں گے۔ اندرونِ ملک چھوٹے سفر پیش آنے کا امکان۔ رومانوی ماحول احتیاط طلب ہوگا۔ گھریلو ماحول میں خوشگواری پیدا ہوسکے گی۔

تیسرا ہفتہ: کسی سفر کا امکان، دورانِ سفر کسی ایسے دوست سے ملنے کا امکان ہے جس سے آپ متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکیں گے۔ بعض گھریلو مسائل جو کہ کافی عرصہ سے پریشانی کا سبب بنے ہوئے تھے ان کا حل تلاش کرلیا جائے گا۔ مستقبل کے متعلق منصوبہ بندی کرسکیں گے۔ جس سے مالی پوزیشن بہتر ہو۔ مشترکہ مفاد کے کام میں حصہ لینا فائدہ مند رہے گا۔ شریک کار کا تعاون حاصل ہوگا۔

چوتھا ہفتہ: ملے جلے حالات ہوں گے۔ مالی منافع کا امکان ہے اس سلسلے میں شریک کار کے ساتھ تعاون کی ضرورت ہوگی۔ اس کے ساتھ مالی لین دین کرتے وقت غم وغصہ کا اظہار نہ کریں۔ دور دراز سے اہم خبریں ملیں۔ جو کہ آپ کے لیے خوشی کا باعث ہوں گی اور کامیابی کا پیغام لائیں۔ کسی نئے پراجیکٹ پر کام شروع کرسکیں گے۔ نئے معاہدے عمل میں آئیں۔ اس دوران احتیاط اور دانشمندی کی ضرورت ہوگی۔ غفلت اور لاپرواہی کسی نقصان کا موجب بن سکتی ہے۔ اس سلسلہ میں تجربہ کار افراد کی آراء سے بھی فائدہ مند نتائج برآمد ہوسکتے ہیں۔

سعد تواریخ: 21,12,7,2 اپریل **نحس تواریخ:** 27,24,16,15,13,10 اپریل

Gemini

جوڑا

22May
21June

آپکا حاکم ستارہ عطارد یکم تا 17 اپریل دسویں وتد السماء رہتے ہوئے کیریئر، کاروبار کیلئے جدوجہد اور عزت ووقار بڑھے۔ 18 تا 30 اپریل عطارد گیارھویں رہتے ہوئے حلقہ احباب کا تعاون، خواہشات کی تکمیل کیلئے پلاننگ کی ضرورت جبکہ 3,2 اپریل عطارد نیپچون قران سے تخیل کو حقیقت کا رنگ دے سکیں۔ فنکارانہ صلاحیتوں میں نکھار جبکہ سوچ مثبت ہونے سے مسائل کا حل ممکن ہو سکے۔ 8,7 اپریل عطارد زحل تسدیس سے سوچ میں پختگی اور مسائل کے حل کیلئے مثبت لائحہ عمل طے کر سکیں اور بہتر حل ملے۔ 12,11 اپریل عطارد پلوٹو تسدیس سے نفسیاتی مسائل کا حل مل سکے اور جذبات کی بھرپور عکاسی۔ خیالات کا بہتر اظہار اور اندازِ گفتگو متاثر کن، 13,12 اپریل عطارد مشتری تربیع کے باعث خود اعتمادی بڑھے اور دوسروں کی آراء سے مثبت فیصلے عمل میں آسکیں۔

پہلا ہفتہ: دفتری امور سے متعلقہ ذمہ داریوں میں اضافہ ہوگا۔ جنہیں نبھانے کے لیے سنجیدہ رویہ اختیار کریں۔ رومانوی معاملات درپیش ہوں گے۔ اس سلسلے میں محتاط رہیں۔ کسی دوست یا عزیز سے حالات میں کشیدگی کا اندیشہ، غلط قسم کے لوگوں سے اجتناب کریں۔ کسی سنی سنائی خبر پر یقین نہ کریں۔ حالات میں قدرے بہتری پیدا ہوگی۔ عزیز واقارب سے مراسم بڑھیں۔

دوسرا ہفتہ: اچھی خبر سننے کو ملے گی۔ خود اعتمادی میں اضافہ ہوگا۔ کسی دیرینہ خواہش کی تکمیل ممکن ہو سکے۔ عزیز واقارب سے ملاقات کے سلسلے میں سفر پیش آنے کا امکان ہے۔ کسی اجتماعی پروگرام میں حصہ لینے کا موقع ملے۔ قانونی امور درپیش ہوں گے۔ ٹریفک کے امور احتیاط طلب رہیں۔ جذبات پر قابو رکھیں۔ شریک کار کے ساتھ تعاون کریں۔ صحت کا خاص خیال رکھیں۔

تیسرا ہفتہ: کسی اہم فرض کی ادائیگی سے سبکدوش ہو جائیں گے۔ آپ کی صلاحیتوں میں اضافہ ہوگا۔ سیر و سیاحت کے شوق کو پورا کر سکیں گے۔ مالی حالات بہتر ہو سکیں۔ دوسروں کا تعاون شامل حال رہے۔ کاروباری عنصر غالب رہے گا۔ بعض گذشتہ کیے گئے معاہدہ پر نظر ثانی کر سکیں گے۔ دوسروں کی طرف سے خوشیاں ملیں۔ قانونی معاملات میں کامیابی حاصل ہو۔

چوتھا ہفتہ: مالی فوائد کا حصول ممکن ہو۔ رومانوی ماحول توجہ طلب ہوں گے۔ سفر مفید رہے اور کامیابی کا امکان ہے۔ تعلیمی امور میں دلچسپی بڑھے گی۔ نجی ترقی کے لیے کوشاں رہیں گے۔ ترقی کا عنصر غالب رہے۔ ٹریفک کے معاملات احتیاط طلب ہوں۔ اپنے اعصاب پر زیادہ دباؤ نہ ڈالیں۔ کام کی زیادتی پر پرہیز کریں۔ کیونکہ ذہنی اور جسمانی تھکاوٹ دور کرنے کے لیے آرام کی اشد ضرورت ہوگی۔ ورنہ خرابیٔ صحت کا خدشہ ہے۔ مالی امور درپیش ہوں جنہیں آپ اپنی خداداد صلاحیتوں سے حل کر سکیں گے۔ شریک کار کے ساتھ تعاون کی ضرورت ہے۔

سعد تواریخ: 27,13,8,3 اپریل

نحس تواریخ: 24,10 اپریل

ستارہ: عطارد
حروف: ق ک
دن: بدھ
عدد: 5
رنگ: پیلا یا ملے جلے
پتھر: عقیق سبز، زمرد، فیروزہ

Element: Air

RulingPlanet: Mercury

Symbol: The Twins

YourStone: Aquamarine

LifePursuit: To Explore a little bit of everything.

SecretDesire: To be ahead of the crowd.

Cancer

سرطان

22June
23July

آپکا حاکم ستارہ قمر 8,7 اپریل شرف۔ 13,12 اپریل عروج میں ہونے سے ان ایام میں آپ کو مسائل کا حل۔ مالی خوشحالی اور ذہنی پختگی حاصل رہے جبکہ 21,20 اپریل ہبوط۔ 26,25,24 اپریل وبال میں ہونے سے ان ایام میں کسی بھی نئے کام کی شروعات سے گریز کریں اور صدقات دیں۔ 8,7 اپریل عطارد زحل تسدیس سے عزیز واقارب بہن بھائی سے تجدید مراسم کیلئے سفر کر سکتے ہیں۔ 11,10 اپریل شمس زحل تربیع سے مالی لین دین میں خاص احتیاط برتیں اور اس دوران کسی کو اُدھار دیں تو واپسی کی اُمید مت رکھیں۔ 15,14 اپریل شمس مشتری تثلیث ملازم پیشہ افراد کی آمدن میں اضافہ یا تبدیلی ملازمت کے خواہاں افراد کو حسبِ منشاء ملازمت کا حصول ہو سکے۔

پہلا ہفتہ: سفر پیش آنے کا امکان ہے۔ دوسروں سے دورانِ گفتگو محتاط رہیں۔ ورنہ ذہنی پریشانی کا خدشہ ہوگا۔ کسی دیرینہ خواہش کی تکمیل۔ صحت کا خیال رکھیں۔ مالی معاملات احتیاط طلب ہوں۔ لاپرواہی اور بے احتیاطی سے کسی نقصان کا خدشہ ہے۔ رومانوی ماحول میسر ہو لیکن ذرا سی لاپرواہی سے حیثیت وشخصیت پر حرف آنے کا اندیشہ ہے۔

دوسرا ہفتہ: گھر کے بزرگ کی صحت کا خاص خیال رکھیں۔ محنت اور کوشش کرنے سے مالی ساکھ بڑھا سکیں گے۔ کسی ایسے پراجیکٹ کو ختم کرنا بہتر ہوگا۔ جو کہ فائدے کے بجائے نقصان کا سبب بن رہا ہے۔ کوئی اہم خاندان سے متعلقہ خوشخبری سن سکیں گے۔ کام میں اضافہ۔ سفر کرنے سے گریز کریں۔ دوسرے افراد پر زیادہ انحصار نہ کریں اور نہ ہی ان کے بڑے بڑے دعوؤں پر یقین کریں۔

تیسرا ہفتہ: چھوٹے پیانے پر شروع کیے گئے کام میں کامیابی حاصل ہو۔ اپنے جذبات پر کنٹرول رکھیں۔ ورنہ ذہنی پریشانی کا اندیشہ ہے۔ دوسروں پر انحصار پریشانی کا باعث ہو سکتا ہے۔ آپ کی صلاحیت میں اضافہ ہوگا۔ بعض دوستوں سے دیرینہ مراسم قائم ہوں گے۔ اپنی خداداد صلاحیتوں کی بدولت کامیابیاں حاصل کر سکیں گے۔ کوئی اہم چیز کے کھو جانے سے پریشانی کا سامنا ہوگا۔

چوتھا ہفتہ: مالی دقت کا سامنا ہو سکتا ہے۔ ذمہ داریوں میں اضافہ ہو۔ فضول کاموں میں اپنا وقت ضائع نہ کریں۔ سفر پیش آنے کا امکان ہے۔ افسرانِ بالا کا تعاون شامل حال رہے گا۔ شریک حیات کی صحت جسمانی کا خیال رکھیں۔ گھریلو معاملات توجہ طلب رہیں۔ مالی معاملات میں منافع حاصل کر سکیں گے۔ بعض غیر شادی شدہ افراد کی شادی کی بات چل سکے۔ نئے کاروباری معاہدے زیر غور رہیں گے۔ آپ کو کسی قریبی ساتھی کی طرف سے خوشی مل سکے۔ کسی مخلص دوست کا تعاون حاصل ہو۔ فضول اور مطلب پرست دوستوں سے حتی الامکان ملاقات سے گریز کریں۔

سعد تواریخ: 13,12,11,9,8,7 اپریل

نحس تواریخ: 26,25,24,21,20,19 اپریل

ستارہ: قمر
حروف: ح
دن: پیر
عدد: 2
رنگ: دودھیا
پتھر: درنجف، سفید مرجان

Element: Water

RulingPlanet: The Moon

Symbol: The Crab

YourStone: Moonstone

LifePursuit: Constant reassurance and intimacy.

SecretDesire: To feel safe (emotionally, spiritually, romantically and financially).

Leo

اسد

24July
23 August

ستارہ: شمس ☉
حروف: م
دن: اتوار
عدد: 1
رنگ: سنہرا، گولڈن
پتھر: یاقوت، ہیرا

Element: Fire
RulingPlanet: The Sun
